کراچی، اسلام آباد، خوشاب اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونیوالا اخبار
CPNE www.piyarawatan.com ABC CERTIFIED
روزنامہ
پیارا وطن کراچی
ایڈیٹر: منیب احمد ساحل
جلد 36 | منگل 18 مارچ 2025، بمطابق 17 رمضان المبارک 1446ھ | شمارہ 76

بحریہ ٹاؤن کے سینکڑوں اکاؤنٹس گاڑیاں اور جائیدادیں منجمد

نیب نے دیگر سرکاری اداروں کے ساتھ مل کر مفرور ملزمان کو پاکستان واپس لانے کیلئے بھرپور کوششیں شروع کر رکھی ہیں، تاکہ ایسے افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جا سکے

بحریہ ٹاؤن کی کراچی، لاہور، تخت پڑی، نیومری، گالف سٹی اور اسلام آباد میں متعدد کمرشل اور رہائشی املاک کو سیل کر دیا گیا، بحریہ ٹاؤن کی جانب سے پرکشش لالچ سے گریز کریں، نیب اعلامیہ جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی احتساب بیورو (نیب) نے بحریہ ٹاؤن کراچی، لاہور، تخت پڑی، نیومری گولف سٹی اور اسلام آباد میں کثیر المنزلہ رہائشی و کمرشل جائیدادوں کو سر بمہر کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نیب نے ملک ریاض اور دیگر افراد کے خلاف فراڈ کے زیر تفتیش مقدمات میں ایکشن لیا ہے، بحریہ ٹاؤن کے سیکڑوں اکاؤنٹس منجمد کرتے ہوئے درجنوں گاڑیاں بھی ضبط کر لی گئی ہیں۔ نیب حکام کے مطابق مخصوص عناصر (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

جعفر ایکسپریس واقعے پر منفی پراپیگنڈہ کرنیوالا ملزم بنی گالہ سے گرفتار

ملزم سوشل میڈیا پر کالعدم تنظیموں کی حمایت اور تشہیر میں ملوث ہے، ترجمان ایف آئی اے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل اسلام آباد نے کارروائی کر کے ریاستی اداروں کے خلاف نفرت انگیز مہم چلانے کے ملزم کو بنی گالہ سے گرفتار کر لیا۔ وفاقی (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

جنوبی وزیرستان کے دونوں اضلاع میں کرفیو نافذ

ضلع شمالی، جنوبی وزیرستان اپر، لوئر اور ٹانک کے ڈپٹی کمشنرز کی جانب سے کرفیو کے نوٹیفکیشنز جاری

جنوبی وزیرستان (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے علاقے جنوبی وزیرستان کے دونوں اضلاع میں کرفیو نافذ کر دیا گیا۔ گزشتہ روز ضلع جنوبی وزیرستان اپر، ضلع جنوبی وزیرستان لوئر اور (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

اپوزیشن کی مشاورت، پاکستان تحریک انصاف کا پارلیمانی قومی سلامتی کمیٹی اجلاس میں شرکت کا فیصلہ، سردار اختر مینگل کا اجلاس میں شرکت سے انکار

قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس آج

سخت سیکیورٹی انتظامات
قومی اسمبلی اور سینیٹ
سیکریٹریٹ بند رکھنے کا فیصلہ

اجلاس میں کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو شرکت کی اجازت نہیں دی جائیگی، صرف دعوت نامے کا حامل یا پارٹی کا نامزد رکن ہی پارلیمنٹ کے اجلاس میں شرکت کر سکے گا

میڈیا سمیت تمام انٹری کارڈز کو عارضی طور پر غیر مؤثر، پارلیمنٹ کی حدود میں کسی بھی قسم کی عکس بندی، ویڈیو گرافی اور فوٹو گرافی پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی میں ہونے والے قومی سلامتی کے ان کیمرہ اجلاس کے موقع پر سیکیورٹی کے سخت اور غیر معمولی انتظامات کیے گئے ہیں۔ کسی بھی غیر متعلقہ فرد کا داخلہ ممنوع قرار دے دیا گیا ہے، جبکہ میڈیا سمیت تمام انٹری کارڈز کو عارضی طور پر غیر مؤثر کر دیا گیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اجلاس کے دوران پارلیمنٹ کی حدود میں کسی بھی قسم کی عکس بندی، ویڈیو گرافی اور فوٹو گرافی پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ ترجمان قومی اسمبلی کے مطابق میڈیا کی اہمیت اور ضروریات سے مکمل آگاہ ہیں لیکن قومی سلامتی کے پیش نظر میڈیا اور تمام متعلقہ فریقین سے تعاون کی گزارش کی جاتی ہے۔ قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس سے متعلق اہم امور سامنے آگئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد : وزیراعظم محمد شہباز شریف سے سی ای او مسٹر جیروم کپلوس کی سربراہی میں افینیٹی انفارمیشن سسٹم کے وفد ملاقات کر رہے ہیں

پاک افغان فائر بندی پر اتفاق، بھارتی وزیراعظم کا بیان مسترد کرتے ہیں، دفتر خارجہ

بھارت کا مظلومیت کا فرضی بیانیہ پاکستانی سرزمین پر دہشتگردی کو ہوا دینے اور مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے مظالم کو چھپا نہیں سکتا

ہندوستان کو چاہیے کہ وہ بیرون ممالک میں ٹارگٹ کلنگ، تخریب کاری اور دہشت گردی کے اپنے ریکارڈ پر غور کرنا چاہیے، ترجمان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کشمیر سے متعلق بھارتی وزیراعظم کے بیان کو گمراہ کن قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کا مظلومیت کا فرضی بیانیہ پاکستانی سرزمین پر دہشتگردی کو ہوا دینے اور مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے مظالم کو چھپا نہیں سکتا۔ امریکی (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

کالعدم تنظیم کیلئے چندہ اکٹھا کرنیوالے ملزم کو 10 سال قید، 60 ہزار جرمانہ

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) کالعدم تنظیم کے لیے چندہ اکٹھا کرنے والے ملزم کو (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم سے امریکی ملٹی نیشنل آئی ٹی کمپنی کے وفد کی ملاقات

مزید سرمایہ کاری میں دلچسپی کا خیر مقدم، پاکستان میں عالمی معیار کا کال سینٹر قائم کرنے کی تجویز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف سے امریکی ملٹی نیشنل آئی ٹی کمپنی کے وفد کی ملاقات ہوئی، وزیراعظم نے پاکستان میں عالمی معیار کا کال سینٹر قائم کرنے کی (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

نواز شریف سے معروف مذہبی اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک کی ملاقات

امت کو درپیش مسائل پر گفتگو، ڈاکٹر ذاکر نائیک نے رمضان کے دوسرے عشرے کی فضیلت بیان کی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم محمد نواز شریف سے معروف مذہبی اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک نے ملاقات کی جس میں امت کو درپیش مسائل (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

غزہ، اسرائیلی بمباری سے ایک دن میں 15 فلسطینی جاں بحق

اسرائیل نے یہ بمباری ثالث ملکوں کی مدد سے جاری جنگ بندی کے باوجود کی، وزارت صحت

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی فوج کی بمباری کے نتیجے میں پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران 15 فلسطینی جاں بحق ہوئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات غزہ کی فلسطینی (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

وزیر خزانہ
آئندہ مالی سال سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں

جون 2023 تک پاکستان 126 ارب 14 کروڑ ڈالر کا مقروض تھا، تفصیلات ایوان میں پیش

وزیر خزانہ نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کی تجویز فی الوقت زیر غور نہ ہونے بارے کوئی بیان نہیں دیا، وزارت خزانہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے قومی اسمبلی کو آگاہ کیا ہے کہ آئندہ مالی سال میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں۔ اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت قومی اسمبلی اجلاس میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے قومی اسمبلی میں تحریری جواب جمع کروایا، جس میں کہا گیا ہے کہ آئندہ مالی سال میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں۔ وزیر خزانہ نے تحریری جواب میں کہا کہ ملازمین کے الاؤنسز اور پے اسکیل پر نظرثانی کی تجویز بھی نہیں ہے جبکہ وفاقی سرکاری ملازمین کی پنشن میں بھی اضافے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں۔ وزیر خزانہ نے (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اسکول ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایران کا پاکستان کی سرحد تک گیس پائپ لائن لانے کا بیان درست نہیں، جام کمال

ایران نے اپنے ایک خاص علاقے تک لائن بچھائی مگر وہ پاکستان کی سرحد تک نہیں آئی، وزیر تجارت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ ایران کی طرف سے پاکستان کی سرحد تک گیس پائپ لائن پہنچانے کا بیان درست نہیں، پائپ لائن پاکستان کی (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

اساتذہ و طلبہ کی حاضری چہرے کی شناخت کے ساتھ ڈیجیٹلائز کرنے کا حکم

اسکول ایجوکیشن پر خصوصی توجہ دے کر تعلیم کا نظام مزید بہتر کرنا ہے، ایجوکیشن میں گورننس، معیار اور بچوں کی اسکول تک آسان رسائی ہونی چاہیے

ہر ہیڈ ماسٹر کو براہِ راست فنڈز دیے جائیں تاکہ اسکول بہتر کر سکیں، نئے مالی سال سے براہِ راست ڈی ڈی او پاور دی جائیں، مراد علی شاہ کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ محکمہ تعلیم کے تمام ڈپارٹمنٹس کو ڈیجیٹلائز کیا جائے گا، اساتذہ اور طلبہ کی حاضری چہرے کی شناخت کے ساتھ ڈیجیٹلائز ہوگی۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیرِ صدارت اسکول ایجوکیشن سے متعلق اجلاس ہوا۔ انہوں نے کہا کہ اسکول ایجوکیشن پر خصوصی توجہ دے کر تعلیم کا نظام مزید بہتر کرنا (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

پیٹرول کا پیسہ بجلی پر لگائیں گے، جلد بجلی کی قیمت کم ہوگی، وزیر پیٹرولیم

آئی ایم ایف نے معیشت کی بحالی کیلئے وزیراعظم کی کاوشوں کو سراہا ہے، علی پرویز ملک کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کا کہنا ہے کہ پیٹرول کا پیسہ اور وسائل بجلی کی قیمت کم کرنے پر لگائیں گے اور وزیراعظم جلد بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں دہشتگردوں کے 3 حملے

پولیس کی بر وقت کارروائی سے حملے پسپا

پولیس نے بڑے حملے کو بروقت ناکام بنا دیا اور حملہ آور بھاری ہتھیاروں کی مدد سے فرار ہوگئے، ڈی پی او لکی مروت

سیکیورٹی فورسز کی خیبر میں کارروائی کے دوران 3 خوارج ہلاک، قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے، آئی ایس پی آر

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں دہشت گردوں کی جانب سے کیے گئے تین حملے پولیس کی بروقت کارروائی سے ناکام بنا دیے گئے۔ لکی مروت کے تھانہ گمبیلا پر دہشت گردوں نے 10 سے 15 مسلح افراد کے ساتھ حملہ کرنے کی کوشش کی تاہم پولیس کی جوابی (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

سپریم کورٹ
کیا حکومتوں کو یہ بھی بتانا پڑے گا کیا کرنا ہے؟

گلگت بلتستان حکومت صرف درخواست واپس نہیں چاہتی، حکومت چاہتی ہے، وزیر اعلیٰ کی مشاورت لازمی قرار دی جائے، جسٹس نعیم اختر افغان

گلگت بلتستان میں وکلا 5 ماہ سے ہڑتال پر ہیں، سپریم اپیلٹ عدالت 10 سال سے غیر فعال ہے، وکیل گلگت بلتستان بار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ آف پاکستان نے گلگت بلتستان حکومت کی جانب سے ججز کے تقرر سے متعلق مقدمے کی مشروط واپسی پر وفاقی حکومت کا موقف طلب کر لیا، عدالت نے ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ گلگت بلتستان حکومت کی مقدمے کی مشروط واپسی کی درخواست پر (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

بلاول بھٹو زرداری سے سندھ کے وزیر بلدیات سعید غنی کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

ملک میں بے روزگار افراد کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

گوجرانوالہ، مراکش کشتی حادثے میں ملوث 2 انسانی اسمگلرز گرفتار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف آئی اے نے مراکش کشتی حادثہ کیس میں (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

بنوں حملے میں ہلاک مزید 3 افغان دہشتگردوں کی شناخت ہوگئی

ایک حملہ آور کی شناخت عبدالرزاق حجران المعروف اظہر کے نام سے ہوئی

افغان دہشت گرد انصار اللہ المعروف طیب بھی مارا گیا، تعلق میدان سحرورگ سے تھا

بنوں (مانیٹرنگ ڈیسک) بنوں کینٹ حملے میں ہلاک مزید 3 افغان دہشت گردوں کی شناخت ہوگئی، 2 افغان دہشتگردوں کی پہلے سے شناخت ہوئی تھی۔ ذرائع تفتیشی ٹیم کے مطابق ہلاک دہشتگردوں کا تعلق افغانستان کے مختلف اضلاع سے ہے، ایک حملہ آور کی شناخت عبدالرزاق حجران (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

یمن، امریکی فضائی حملوں میں 53 افراد جاں بحق

صنعا (مانیٹرنگ ڈیسک) یمن پر گزشتہ روز امریکی فضائی حملوں میں 53 (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

کراچی؛ طالبان کے حق میں وال چاکنگ کرنے والا ٹی ٹی پی کا اہم کارکن گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کاؤنٹر ٹیرارزم ڈیپارٹمنٹ انٹیلی جنس ونگ (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

سابق وزیراعظم محمد نواز شریف سے معروف مذہبی اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک ملاقات کر رہے ہیں

گورنر سندھ عائشہ منزل پر عوام کے ساتھ سحری کرنے کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

دنیا کے طویل القامت پاکستانی نصیر سومرو 55 سال کی عمر میں انتقال کر گئے

سالہ نصیر سومرو طویل عرصے سے پھیپھڑوں کے عارضے میں مبتلا تھے، نماز جنازہ آج شکارپور میں ادا کی جائے گی

شکارپور (مانیٹرنگ ڈیسک) دنیا کے طویل القامت افراد میں سے ایک 55 سالہ نصیر سومرو طویل علالت کے بعد شکارپور میں انتقال کر گئے۔ 7 فٹ 9 انچ طویل نصیر سومرو کی نماز (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

اپوزیشن آپ کے استعفے کا مطالبہ کر رہی ہے، صحافی

میرے استعفے سے معاملہ حل ہوتا ہے تو میں حاضر ہوں، خواجہ آصف کا جواب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جعفر ایکسپریس واقعے پر وفاقی وزیرِ دفاع خواجہ آصف سے استعفے کا سوال پوچھ لیا گیا۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کیوزیرِ دفاع خواجہ آصف دوران (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

آئی ٹی، اے آئی، دیگر جدید تکنیکی صلاحیتوں سے لیس کرنے کے پروگرام کی خود نگرانی کروں گا، شہباز شریف

حکومت ملک میں زرعی شعبے کی ترقی اور زرعی پیداوار بڑھانے کے حوالے سے تمام سہولیات مہیا کریگی، محمد شہباز شریف

غیر معیاری زرعی بیج کا کاروبار کرنے والی کمپنیوں کے خلاف جلد از جلد سخت کارروائی یقینی بنائی جائے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، حکومت ملک میں زرعی شعبے کی ترقی اور زرعی پیداوار بڑھانے کے حوالے سے تمام سہولیات مہیا کرے گی، غیر معیاری زرعی بیج کا کاروبار کرنے والی کمپنیوں کے خلاف جلد از جلد سخت کارروائی یقینی بنائی جائے، پی اے آر سی میں تحقیقاتی کام کو جلد فعال کیا جائے۔ (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

190 ملین پاؤنڈ کیس، عمران اور بشریٰ کی سزا معطلی کیلئے درخواستیں تیار

نیب نے بدنیتی سے اپنے اختیارات کا غلط استعمال کیا، جلد بازی میں سزا سنائی گئی، موقف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان اور بشریٰ بی بی نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا معطلی کے لیے درخواست تیار کر لی جسے رواں (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

عید الفطر پر اضافی کرایہ لینے والوں کیخلاف کارروائی کا حکم

عید پر عوام کو اضافی مالی بوجھ سے بچانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں، شرجیل میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر صوبائی وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے عید الفطر پر اضافی کرایہ لینے والوں کے خلاف کارروائی کا حکم دے دیا۔ ایک بیان میں شرجیل میمن نے ڈی (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

آسمان پر شہاب ثاقب کے دلکش مناظر، فضاں میں ٹوٹے ہوئے تارے پھیل گئے

آسمان پر شہاب ثاقب کو گزرتے ہوئے رات 2 بج کر 43 منٹ پر دیکھا گیا

یہ اجرام فلکی زمین کے کرہ ہوا میں داخل ہو کر بلندی سے پستی کی جانب چمک پیدا کرتے ہیں۔ ماہرین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کی فضاؤں میں اس وقت دلکش مناظر دیکھے گئے جب شہاب ثاقب آسمان سے گرتے ہوئے زمین کی طرف سفر کر رہے تھے۔ شہر کے مختلف علاقوں (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی کا پارلیمانی قومی سلامتی کمیٹی اجلاس میں شرکت کا فیصلہ

اغواء کیے گئے نوجوان جن کے پاس بھی ہیں انہیں رہا کیا جائے

عمران خان کے وژن کے مطابق جے یو آئی، جماعت اسلامی سے ملاقاتیں کیں، شیخ وقاص اکرم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے وژن کے مطابق ہم نے جے یو آئی اور جماعت اسلامی سے ملاقاتیں کی ہیں، مولانا فضل الرحمٰن کے ساتھ معاملات اچھے ہو رہے ہیں۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے شیخ وقاص اکرم (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

گورنر سندھ افطار ڈنر کے شرکاء کے درمیان ہونیوالی قرعہ اندازی میں پلاٹ نکلنے پر ضلع تھرپارکر کے امیر علی کو مبارکباد دے رہے ہیں

ڈپٹی وزیراعظم محمد اسحاق ڈار معاشی سفارت کاری اور تجارتی امور سے متعلق امور کا جائزہ لینے کیلئے ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شمالی وزیرستان میں تیل اور گیس کے مزید ذخائر دریافت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں گیس اور تیل کے مزید ذخائر دریافت (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

جے آئی ٹی نے پی ٹی آئی کے 16 افراد کو دوبارہ طلب کر لیا

فردوس شمیم نقوی، خالد خورشید، میاں اسلم اقبال، حماد اظہر، عون عباس، شہباز شبیر، وقاص اکرم اور تیمور سلیم شامل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈے کے معاملے میں مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) نے تحریک انصاف کے 16 افراد کو دوبارہ طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

اے این ایف نے 16 کروڑ سے زائد مالیت کی منشیات پکڑ لی

10 ملزمان گرفتار، ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) اے این ایف نے مختلف شہروں میں کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 8 کارروائیوں میں 10 ملزمان کو گرفتار کر کے 16 کروڑ سے زائد مالیت کی 588.07 کلو (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

جوڈیشل کمپلیکس حملہ، مراد سعید سمیت 3 پی ٹی آئی رہنما اشتہاری قرار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد نے جوڈیشل (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

خوارج پاکستان میں ترقی نہیں ہونے دینا چاہتے، گورنر سندھ

غیر ملکی قوتیں پاکستان کی ترقی میں رکاوٹ ڈالنا چاہتی ہیں، مگر کراچی کے غیور نوجوان ان کا مقابلہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں، کامران ٹیسوری

جو لوگ خودکش حملوں کے ذریعے مسلمانوں کو شہید کر رہے ہیں وہ کس قسم کے لوگ ہوں گے، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کے پیچھے بھارت ہے، خوارج پاکستان میں ترقی نہیں ہونے دینا چاہتے، کراچی میں 10 سٹیٹس حاصل کرنے کے باوجود ان حکمرانوں نے شہر میں ایک دن بھی قیام نہیں کیا۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان خالد مقبول کے ہمراہ عائشہ منزل پر سحری کی۔ بعد ازاں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے گورنر سندھ نے ایم کیو ایم (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

کراچی، چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف سے سویڈن کی سفیر ملاقات کر رہی ہیں

حافظ نعیم الرحمن
عید کے بعد حق دو عوام کو تحریک ایک بار پھر شروع کریں گے

، ارباب اختیار جب تک اپنے فیصلے درست نہیں کریں گے عوام اور فوج کے درمیان فاصلے بڑھتے رہیں گے، امیر جماعت اسلامی

وزیراعظم کا کہنا ہے کہ مہنگائی کم ہوگئی ہے وہ عوام کو بتائیں کہ مہنگائی پاکستان کے کس حصے میں کم ہوئی ہے، ملیر میں دعوت افطار سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے جماعت اسلامی ضلع ایئر پورٹ کے تحت آر سی ڈی گراؤنڈ ملیر سعود آباد میں عوامی دعوت افطار سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت بہت مشکل حالات سے گزر رہا ہے۔ گزشتہ ایک ماہ میں کے پی میں سینکڑوں حملے ہو چکے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹے میں 27 حملے ہوئے۔ بلوچستان میں جعفر ایکسپریس کو یرغمال بنا لیا گیا اور بڑی تعداد میں مسافروں کو (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

روزنامہ
پیارا وطن
کراچی

پبلشر ایم اے عبداللہ انصاری نے الآصف پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سیکنڈ فلور
عبداللہ چیمبر آف آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے شائع کیا۔
فون:0213-2211333، ای میل: piyarawatankhi@gmail.com
Cell:03008205228

منگل 18 مارچ 2025ء/17 رمضان المبارک 1446ھ

آج ملک حالت جنگ میں

وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ملک میں دہشت گردی کے ناسور کے خاتمہ کی جامع پالیسی وضع کرنے کیلئے آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا اعلان کر دیا ہے جبکہ حکومتی اتحادی پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے نیشنل ایکشن پلان ٹو بنانے کی تجویز پیش کرتے ہوئے باور کرایا ہے کہ دشمن ہماری نا اتفاقی سے فائدہ اٹھا رہے ہیں یہ حقیقت ہے کہ دہشت گردوں کی تسلسل کے ساتھ بڑھتی وارداتوں کے باعث آج ملک حالت جنگ میں ہے چنانچہ ملک کی سلامتی کے تحفظ اور شہریوں کی حفاظت کیلئے سکیورٹی فورسز کا ہمہ وقت الرٹ رہنا ضروری ہو گیا ہے۔ ہمارے سکیورٹی ادارے وطن پر جانیں نچھاور کرتے ہوئے ملک کی سلامتی کیخلاف دشمن کی سازشیں ناکام بنانے کا فریضہ ادا کر رہے ہیں۔ بے شک قوم کو اپنی بہادر افواج اور دوسری سکیورٹی فورسز پر فخر ہے جو ملک کی حفاظت کیلئے دشمن کے آگے ڈھال بنی نظر آتی ہیں تاہم یہ لمحہ فکریہ ہے کہ سکیورٹی فورسز کی جانفشانی اور انکے ہمہ وقت الرٹ رہنے کے باوجود دہشت گردوں کو افغان سرحد سے پاکستان میں داخل ہونے اور بھاری اسلحہ گولہ بارود اور خودکش جیکٹوں سمیت دہشت گردی کیلئے متعین کردہ اپنے اہداف تک پہنچنے کا آسان موقع کیونکر حاصل ہو رہا ہے۔ اس میں اب کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں رہی کہ پاکستان میں سفاکانہ دہشت گردی کے ذریعے اودھم مچانے والے خوارج اور دوسرے دہشت گردوں کو ہمارے شروع دن کے دشمن بھارت کی مکمل سرپرستی اور سہولت کاری میسر ہے جو کابل کی طالبان انتظامیہ کے ساتھ ملی بھگت اور اسکی معاونت سے اپنے تربیت یافتہ دہشت گردوں کو اسلحہ اور گولہ بارود سمیت افغان سرحد سے پاکستان میں داخل کرتا ہے۔ جن کا نیٹ ورک افغانستان میں ہی موجود ہوتا ہے اور وہ ان کے ساتھ دہشت گردی کی ہر واردات کے دوران مسلسل رابطے میں رہتے اور ہدایات حاصل کرتے ہیں۔ جعفر ایکسپریس کے سانحہ کے حوالے سے ہمارے سکیورٹی اداروں نے اس واردات کے دوران دہشت گردوں کے افغانستان میں موجود سہولت کاروں اور انکے ماسٹر مائنڈ سے رابطے میں رہنے اور ہدایات لینے کے ناقابل تردید ثبوت حاصل کئے ہیں جو سلامتی کونسل کو بھی فراہم کر دیئے گئے ہیں تاہم سکیورٹی فورسز کو دہشت گردوں کیخلاف ہمہ وقت الرٹ رکھنے کے ساتھ ساتھ ان خامیوں اور کمزوریوں پر قابو پانے کی بھی ضرورت ہے جن سے فائدہ اٹھا کر دہشت گردوں کو اپنے اہداف تک پہنچنے کا موقع مل رہا ہے۔ بے شک پاکستان کی جانب سے گزشتہ روز واضح طور پر یہ باور کرا دیا گیا ہے کہ پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی کی بھارت پشت پناہی کر رہا ہے جو جعفر ایکسپریس پر حملہ میں بھی ملوث ہے۔ اس حوالے سے ترجمان دفتر خارجہ نے اپنی ہفتہ وار بریفنگ میں جعفر ایکسپریس پر حملے کے خلاف ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ ٹرین پر حملے کا ملک سے باہر بیٹھے دہشت گردوں کا پلان تھا جن کی بھارت سرپرستی کر رہا

پاک فوج اور قوم ایک ساتھ

پاکستان ایک بار پھر دہشت گردی کا بھرپور مقابلہ کر رہا ہے کے پی کے اور بلوچستان کے عوام افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ مقابلہ کر رہے ہیں دشمن دشمنوں کے ایجنڈے کو لے کر ہر طرف سے حملے کر رہے ہیں پاک فوج جانوں کی قربانیاں دے رہی ہے جوان اپنا خوں بہا رہے ہیں اس مشکل وقت میں قوم تمام اختلافات کو بھول کے ملک کی سلامتی کے لیے میدان عمل میں ہے۔ خیبر پختونخوا کے ضلع ٹانک میں سکیورٹی فورسز نے دہشت گرد حملہ ناکام بناتے ہوئے 10

تحریر، محمد اکرم چوہدری

دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ ٹانک کے علاقے جنڈولہ میں پاک فوج کے قلعہ پر دہشت گردوں کا حملہ ناکام دیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 10 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ خودکش حملہ آور نے خود کو قلعہ کے قریب اڑا دیا، حملہ بنوں طرز پر تھا۔

واضح رہے کہ ملک بھر میں حالیہ برسوں میں دہشتگردی کے واقعات میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ دو روز قبل 11) مارچ) بھی بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ سے خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور جانے والی ٹرین (جعفر ایکسپریس) پر نامعلوم دہشت گردوں نے حملہ کر کے مسافروں کو یرغمال بنا لیا تھا۔ مسلح افراد نے انجن پر راکٹ فائر کیے اور فائرنگ کی جس کی وجہ سے ٹرین رک گئی۔ حکام کا کہنا تھا کہ انجن کا ڈرائیور شدید زخمی ہوا تھا جبکہ سکیورٹی اہلکاروں اور حملہ آوروں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا تھا۔ حملے کے بعد سکیورٹی فورسز کا آپریشن 2 روز جاری رہا اور گزشتہ روز پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا تھا کہ جعفر ایکسپریس کے یرغمالی مسافر بازیاب ہوگئے اور تمام 33 دہشتگرد ہلاک کردیئے گئے، تاہم آپریشن شروع ہونے سے پہلے دشمن 21 افراد کو شہید کر چکے تھے

آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی زیر قیادت افواج پاکستان نے 2024 میں ملک کے لیے شاندار خدمات انجام دیں، دہشت گردوں کے خلاف 59 ہزار 775 کامیاب آپریشنز کیے گئے جس میں خوارج سمیت 925 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع سے جاری بیان کے مطابق خوارج اور دہشت گردوں کے لیے ریاست کی واضح پالیسی کی بدولت رواں سال آپریشنز میں اہم کامیابیاں حاصل ہوئیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سال 2024 کے دوران مجموعی طور پر سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے دہشت گردوں اور اُن کے سہولت کاروں کے خلاف 59 ہزار 775 مختلف نوعیت کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے۔ کامیاب آپریشنز کے دوران 925 دہشت گردوں بشمول خوارج کو جہنم واصل کیا گیا اور سینکڑوں کو گرفتار کیا گیا، دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے افواجِ پاکستان، انٹیلی جنس، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے روزانہ کی بنیاد پر 169 سے زائد آپریشنز انجام دے رہے ہیں۔

سال 2024 میں ہونے والے 89 فیصد واقعات اور 94 فیصد اموات خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں ہوئیں۔ جو ایک ہزار 616 کے اعداد و شمار کے ساتھ سرفہرست ہے جب کہ بلوچستان 782 اموات کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔ سینٹر فار ریسرچ اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (سی آر ایس ایس) تھنک ٹینک کی جانب سے جاری کردہ سالانہ سکیورٹی رپورٹ 2024 کے اہم نتائج درج ذیل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 2024 میں ملک میں پر تشدد واقعات کے نتیجے میں 2 ہزار 546 اموات ہوئیں اور 2 ہزار 267 افراد زخمی ہوئے جن میں عام شہری، سکیورٹی اہلکار اور دہشتگرد شامل تھے۔ ہلاکتوں کی یہ تعداد 1166 دہشت گرد حملوں اور انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کے نتیجے میں سامنے آئی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ملک کے سلامتی کے لیے یہ سنگین سال رہا۔

گزشتہ سال کے مقابلے میں رواں سال کے اعداد و شمار میں زیادہ اضافہ ہوا، جہاں تقریباً 49 فیصد زیادہ 784) کے مقابلے میں ایک ہزار 66) واقعات پیش آئے جس میں 66 فیصد سے اموات (ایک ہزار 533 کے مقابلے میں 2 ہزار 546) اموات ہوئیں جب کہ ان واقعات میں 55 فیصد سے زیادہ (ایک ہزار 462 کے مقابلے میں 2 ہزار 267) افراد زخمی ہوئے۔

خیبر پختونخوا میں اس سال سب سے زیادہ اموات 63) فیصد سے زائد) ریکارڈ کی گئیں، اس کے بعد بلوچستان 31) فیصد) کا نمبر ہے۔ نومبر میں سال کے دیگر تمام مہینوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ حملے 125، اموات 450 اور زخمی 625 ریکارڈ کیے گئے۔ اس سال ریکارڈ کی جانے والی اموات 9 سال کی بلند ترین سطح ہیں، جو 2016 کی سطح 2 ہزار 432 اور 2015 4 ہزار 366 کے بعد سب سے زیادہ ہیں۔ مزید برآں، گزشتہ 10 سالوں کے اعداد و شمار 2015 سے 2020 کے درمیان ان واقعات میں کمی کا رجحان دکھائی دیا اور ہر سال اموات میں اوسطا 33 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، 6 سال سے جاری اس گراوٹ کے بعد 2021 میں اس میں دوبارہ اضافہ ہونا شروع ہوا۔

ملک میں پر تشدد واقعات میں 2021 میں 38 فیصد، 2022 میں 15 فیصد، 2023 میں 56 فیصد اور 2024 میں 66 فیصد اضافہ ہوا (2021 کے بعد سے تشدد میں اوسطا 44 فیصد سالانہ اضافہ) ہوتا آیا ہے۔ افغانستان کی سرحد سے متصل خیبر پختونخوا کے نئے ضم شدہ اضلاع جیسے کرم، شمالی وزیرستان، خیبر میں دہشتگردی کے وواقعات میں اموات سب سے زیادہ ریکارڈ کی گئیں۔

خیبر پختونخوا کے دیگر اضلاع جہاں نمایاں اموات ہوئی ہیں ان میں ڈیرہ اسمٰعیل خان، بنوں اور لکی مروت شامل ہیں جب کہ ان اضلاع کے بعد بلوچستان میں کوئٹہ، کیچ، قلات اور موسیٰ خیل کے اضلاع شامل ہیں۔ اگست 2021 میں اچانک امریکی فوجوں کے افغانستان سے انخلا، اشرف غنی حکومت کے خاتمے، اور طالبان کے چند ہی دنوں میں افغانستان کے بیشتر علاقوں پر قبضہ کرنے کے بعد، پاکستان میں دہشت گردی میں اضافے کے خدشات پیدا ہو گئے تھے۔ عسکری قیادت کے علاوہ عمومی تاثر یہی تھا کہ پاکستان میں نہ صرف دہشت گردی کے واقعات بڑھیں گے بلکہ اس کی شدت بھی پہلے سے کہیں زیادہ ہوگی۔

اور یہی ہوا۔ آج صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ دہشت گردی کے عالمی انڈیکس پر پاکستان دوسرے نمبر پر آ گیا ہے۔ صرف افریقہ کا ملک برکینا فاسو ہی پاکستان سے آگے ہے، جہاں دہشت گردی کی صورتحال اور بھی سنگین ہے۔ اگر دہشت گردی سے متعلق عالمی نقشہ دیکھا جائے تو صرف تین ممالک، برکینا فاسو، پاکستان اور شام بدترین دہشت گردی کا شکار ہیں۔ جبکہ افغانستان، جہاں کبھی دہشت گردی کا دور دورہ تھا، اب نویں نمبر پر ہے۔ واضح رہے کہ ملک بھر میں حالیہ برسوں میں دہشتگردی کے واقعات میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔

بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ سے خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور جانے والی ٹرین (جعفر ایکسپریس) پر نامعلوم دہشت گردوں نے حملہ کر کے مسافروں کو یرغمال بنالیا تھا مسلح افراد نے انجن پر راکٹ فائر کیے اور فائرنگ کی جس کی وجہ سے ٹرین رک گئی۔ حکام کا کہنا تھا انجن کا ڈرائیور شدید زخمی ہوا تھا جبکہ سکیورٹی اہلکاروں اور حملہ آوروں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا تھا۔

حملے کے بعد سکیورٹی فورسز کا آپریشن 2 روز جاری رہا اور گزشتہ روز پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا تھا کہ جعفر ایکسپریس کے یرغمالی مسافر بازیاب ہوگئے اور تمام 33 دہشتگرد ہلاک کردیے گئے، تاہم آپریشن شروع ہونے سے پہلے دہشتگرد اپنی کاروائی کا آغاز کر چکے تھے

اب وقت آ گیا ہے کہ قوم متحد ہو اور دشمن کے مقابلے کے لیے میدان میں ہوں یاد رکھیں جو قومیں اپنی دھرتی کی قدر نہیں کرتیں وہ کبھی ترقی نہیں کرتیں۔

بدعنوانیاں معیشت کی تباہی کی ذمہ دار

اکثر ممالک میں کرپشن کی وباء نے ان ملکوں کی ترقی کو گرہن لگا دی ہے، معیشت تباہی کی طرف جا رہی ہے اسلئے کرپشن خاص طور پر ترقی پذیر ممالک میں ایک نہائت ہی ناپسندیدہ فعل ہے کرپشن کرنے والے کرداروں کو ہرگز محبّ وطن شہریوں کی فہرست میں نہیں ڈالا جاسکتا ہے کرپش کرنے والے کسی دہشت گرد سے کم نہیں، دہشت گرد کچھ لوگوں کو قتل کرتا ہے جبکہ کرپٹ شخص ملک کی پوری آبادی کو نقصان پہنچاتا ہے، کرپٹ لوگوں کی وجہ سے معاشرے میں خطرناک

تحریر، امیر محمد خان

طبقاتی فرق جنم لیتا ہے، کرپٹ لوگوں کی اکثریت نوکر شاہی میں ہوتی ہے، گو کو کہ حکومتی منصب پر بیٹھنے والے وزراء بھی اسی فہرست میں ہوتے ہیں اگر وزیر خود ہی کرپٹ ہو تو اسکی نوکر شاہی کی چاندی ہوجاتی ہے، وہ وزیر کے نام پر دس جگہ کرپشن کر کے اپنے بنک اکاؤنٹ کی پرورش کرتا ہے ایک وزیر کو دیتا ہے چونکہ کرپشن کے طریقہ کار سے نوکر شاہی بخوبی واقف ہوتی ہے وزیر تو چند سال یا چند ماہ کیلئے اقتدار میں آتا ہے نوکر شاہی کا کرپٹ شخص جب تک پکڑا نہ جائے اسوقت تک مزے کرتا ہے یہ سلسلہ اسکی ریٹائرمنٹ تک جاتا ہے، اگر معاشرے میں کرپشن کی روک تھام نہ ہو تو وہ معیشت کا ناسور بن جاتی ہے اور اوپر سے لیکر نیچے تک کرپشن کا ماحول بن جاتا ہے جس وجہ سے یہ محاورہ جنم لیتا ہے کہ رشوت لیتے ہوئے گرفتار ہوا رشوت دیکر چھوٹ جا وطن عزیز پاکستان کی معیشت ابھی پروان چڑھ رہی ہے یہ ایک علیحدہ بات ہے کہ 75 سال کے بعد ہم دیکھ رہے ہیں معیشت پروان تو چڑھ رہی ہے مگر اسکے اثرات اس فائدہ کی طلب کرنے والے اور حقدار عوام تک تا حال نہیں پہنچ سکی ہر آنے والی حکومت نے سہانے خواب دکھائے مگر ان سہانے خوابوں کی تدبیر عوام تک نہیں پہنچ سکی اور عوام کا معیار زندگی تنزلی کی طرف گامزن رہا اور گامزن ہے، پاکستان ایک مقروض ملک ہے ملک کے کرتا دھرتاؤں کی کوششوں سے قرض دینے والا سب سے بڑا ادارہ IMF قرض دے رہا ہے اسکا ایجنڈہ قرض لینے والے ملک کی معیشت کا سدھار ہوتا ہے مگر ساتھ ہی معیشت کی درستگی کیلئے کڑی شرائط بھی عائد کرتا ہے، دوسری جانب ہمارے دوست ممالک ہمیں قرض دیتے ہیں انکی شرائط سخت نہیں ہوتیں، مگر وہ ہمارے طور طریقے دیکھ رہے ہوتے ہیں کہ چاروں طرف قرض بٹورنے کے باوجود اپنی نوابی زندگی سے باز نہیں آرہے حکومت اخراجات میں کمی کے اعلانات کبھی کبھی ہوجاتے ہیں مگر ساتھ ہی وزراء کی فوج ظفر موج میں اضافہ ہوجاتا ہے، وہ صرف وزیر کا اضافہ نہیں ہوتا اسکا ایک معاون وزیر قسم کا بندہ ساتھ ہوتا ہے، اسکا سیکریٹری اور پورا اسٹاف ہوتا ہے انکے الاؤنس ہوتے ہیں گاڑیاں نوکر چاکر ایک علیحدہ خرچ ہے۔ خاص طور ہمارے جیسے ملک میں جہاں سنگل جماعتی حکومت کے کوئی مستقبل میں بھی آثار نہیں وہاں ووٹ دینے والی ہر جماعت کی نمائندگی کیلئے وزیر کو لیا جاتا ہے اگر یک جماعتی حکومت ہو تو شائد وہ جماعت اپنی ساکھ کی بہتری کیلئے وزراء کی فوج بھرتی نہ کرے ،قانون کی پاسداری سے ہم بہت دور ہیں جب قانون بنتا ہے کہ نوکر شاہی اپنے اثاثے ظاہر کرے تو کتنے لوگوں نے ظاہر کئے ؟؟ ہماری معیشت کا سہارہ IMF 'یہ مطالبہ ہر دفعہ قرض دینے سے قبل ہونے والے مذاکرات میں کرتا ہے، حکومتی اخراجات میں کمی کی مطالبہ کرتا ہے جو کئی حکومت نہیں کرتی اور اسکا نزلہ بلا آخر پیٹرول، بجلی نرخوں پر گرتا ہے، یہ وہ بنیادی اشیاء ہیں جنکی قیمتوں میں اضافہ سے بازار میں ہر چیز کے نرخ بڑھنا لازمی ہیں، جب قانون کی گرفت مضبوط نہ ہو تو منافع خور بھی عوام کو ذبح کرتے ہیں۔ عام آدمی سمجھتا ہے کہ کرپشن وہی ہوتی ہے جو سڑک پر ٹریفک والا چند نوٹ کسی سنگل توڑنے والے سے لیکر اسکا چالان نہیں کرتا بدعنوانی کئی شکلیں ہیں اور یہ صنعت، شعبے اور ملک کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے۔ اس میں شوت کے زمرے میں فیصلوں پر اثر انداز ہونے کے لیے رقم، تحائف، یا احسانات کی پیشکش یا وصول کرنا۔ ایک سرکاری اہلکار ٹھیکہ دینے کے لیے رشوت لے رہا ہے۔ کسی تنظیم یا حکومت سے تعلق رکھنے والے پیسے یا اثاثوں کو چوری کرنا۔ مالی فائدے کے لیے دوسروں کو دھوکہ دینے کے لیے معلومات میں ہیرا پھیری کرنا۔ اقربا پروری اور طرفداری بھی ایک زہریلا عنصر ہے جس میں اہلیت کے بغیر خاندان کے افراد یا قریبی دوستوں کو ملازمتیں، معاہدے، یا فوائد دینا شامل ہیں کسی مستحق امیدوار کے بجائے کسی نااہل رشتہ دار کو ملازمت پر رکھنا۔ دھمکیوں کے ذریعے کسی کو رقم ادا کرنے یا خدمات فراہم کرنے پر مجبور کرنا۔ ایک کسٹم افسر شپمنٹ کلیئر کرنے کے لیے رقم کا مطالبہ کرنا۔ منی لانڈرنگ اس میں صرف نوکر شاہی نہیں بلکہ بہت سے معززین بھی شامل ہیں۔ ۔ پاکستان میں رئیل اسٹیٹ کا کاروبار بہت بلندیوں پر ہے یہ ہی وہ کاروبار جس میں بلیک منی کو وائٹ کیا جاتا ہے، بلیک منی جو رشوت سے آتی ہے رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری سے اس رقم کو وائٹ یعنی قانونی کیا جاتا ہے۔ میری وزیر اعظم شہباز شریف اور انکے خاندان میں جدہ میں رہائش کے دوران شناسائی رہی ہے اور قریب سے دیکھا ہے اور جب وہ وزیر اعلی تھے اور آج جب وہ وزیر اعظم کے منصب پر ہیں وہ اپنے فیصلوں پر مضبوطی سے عمل درآمد کرتے ہیں مگر نہ جانے کیوں IMF کی بار بار ہدائت کے باوجود کیوں یہ نوکر شاہی قابو نہ آسکی نہ ہی کوئی مضبوط قانون سازی ہوئی ، قانون موجود ہے پر عمل درآمد نہ ہو تو وہ کونسا قانون ؟؟ شفافیت میں اضافے کے لیے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (IMF)) کی شرائط کے باوجود، کئی عوامل پاکستانی بیوروکریٹس کی اپنے اثاثوں کو ظاہر کرنے میں ہچکچاہٹ کا باعث بنتے ہیں :سول سرونٹ ایکٹ 1973 میں حالیہ ترمیم 17 سے 22 تک کے افسروں کے لیے اثاثہ جات کے اعلانات کو لازمی قرار دیتی ہے۔ IMF نے ان اقدامات کی تاثیر کے بارے میں تشویش کا اظہار کیا ہے، خاص طور پر اعلان کردہ اثاثوں کی تصدیق اور ان کے اعلانات میں تضادات والے اہلکاروں کے احتساب کے بارے میں۔ آئی ایم ایف نے ایک مضبوط خطرے پر مبنی تصدیقی نظام اور عدم تعمیل پر مناسب جرمانے کی ضرورت پر زور دیا۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کے کرپشن پرسیپشن انڈیکس (CPI)) 2024 کے مطابق، پاکستان 180 ممالک میں 133 ویں نمبر پر ہے، یہ نمبر ظاہر کرتے ہیں تمام تر کوششوں کے باوجود تا حال ہم ایک کرپٹ نوکر شاہی اور حکومت نظام سے بہت دور ہیں، اسکی وجہ قانون پر عمل درآمد میں کمزوری ہے، قارئین نے دیکھا ہوگا، کہ کتنے بڑے بڑے کرپشن کے معاملات میڈیا کی زینت بنے مگر نتائج نہ میڈیا میں آئے نہ ہی نظر آئے ۔ یہ جو معاملہ ہے شکوک پیدا کرتا ہے ، جب صوبہ سندھ کی بیوروکریسی کے ایک شخص میں سونے کی اینٹوں سے بھرا ہوا کمرہ دکھایا جاتا ہے تو اسکا نتیجہ کیا ہوا ۔ کیا یہ ضروری ہے کہ IMF ہم سے مطالبے کرے کہ اخراجات کم کرو، کرپشن پر قابو کرو اثاثے ظاہر کرو اسی وقت ہم اس پر عمل کرینگے، ہمارے اپنے قوانین کہاں ہیں

”عورت کمزور نہیں، ہر میدان میں نمایاں“

عورت ہمیشہ سے انسانی معاشرے کا ایک لازمی اور مضبوط ستون رہی ہے، مگر صدیوں سے اسے کمزور اور محتاج سمجھا جاتا رہا ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ جسمانی لحاظ سے مرد اور عورت میں فرق ہو سکتا ہے، مگر ذہانت، حوصلے، اور صلاحیت کے اعتبار سے عورت کسی سے کم نہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی عورت کو مواقع فراہم کیے گئے، اس نے ہر میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ حضرت خدیجہؓ کی کاروباری ذہانت ہو، حضرت عائشہؓ کا علمی مقام ہو، یا حضرت فاطمہؓ کی روحانی

تحریر، فرقان کاظم

عظمت، اسلام نے ہمیشہ عورت کو عزت اور برابری دی۔ اگر ہم دورِ جدید پر نظر ڈالیں، تو ہمیں بے شمار ایسی خواتین نظر آتی ہیں جنہوں نے سائنس، سیاست، ادب، معیشت، اور دیگر شعبوں میں غیر معمولی کارنامے انجام دیے ہیں۔ ملالہ یوسفزئی، مریم مختار، فاطمہ جناح اور بے نظیر بھٹو جیسی خواتین نے اپنی قابلیت اور عزم سے ثابت کیا کہ عورت کمزور نہیں بلکہ معاشرتی ترقی کی ضامن ہے۔ تاہم، آج بھی دنیا کے کئی معاشروں میں عورت کو اس کے بنیادی حقوق سے محروم رکھا جاتا ہے، اسے کمزور سمجھ کر فیصلوں سے دور رکھا جاتا ہے، اور اس کی صلاحیتوں کو دبانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ یہ رویہ نہ صرف غیر منصفانہ ہے بلکہ معاشرتی ترقی کی راہ میں بھی رکاوٹ ہے، کیونکہ جب آدھی آبادی کو پیچھے رکھا جائے گا، تو قوم بھی ترقی نہیں کر سکتی۔ عورت کی اصل طاقت اس کی ذہانت، ہمت، اور صبر میں پوشیدہ ہے، اور تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب بھی عورت نے ارادہ کیا، اس نے ناممکن کو ممکن بنا دیا۔ جدید دنیا میں خواتین نے ہر میدان میں اپنی صلاحیتوں کا ثبوت دیا ہے، وہ گھر سنبھالنے کے ساتھ ساتھ، سیاست، کاروبار، اور سائنس کے میدان میں بھی کامیابیاں سمیٹ رہی ہیں۔ مسئلہ یہ نہیں کہ عورت کمزور ہے، بلکہ اصل چیلنج یہ ہے کہ معاشرہ اسے اس کے حقوق اور مواقع فراہم کرے۔ عورت کو اگر مساوی تعلیم، روزگار، اور ترقی کے مواقع دیے جائیں، تو وہ اپنی قابلیت سے نہ صرف خود کو منوا سکتی ہے بلکہ پوری قوم کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے۔ وقت آ گیا ہے کہ عورت کو صرف صنفی بنیاد پر کمزور سمجھنے کی سوچ بدلی جائے اور اسے ایک خود مختار، باشعور اور طاقتور فرد کے طور پر تسلیم کیا جائے۔ اس کے بغیر ایک متوازن اور ترقی یافتہ معاشرے کا قیام ممکن نہیں۔ عورت کی طاقت اس کی ہمت، قربانی اور عزم میں پوشیدہ ہے، جسے اکثر نظرانداز کیا جاتا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی عورت کو مواقع فراہم کیے گئے، اس نے مردوں کے شانہ بشانہ ہر میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کیں۔ تاہم، معاشرتی رویے اور ثقافتی روایات نے عورت کو صدیوں سے ایک کمزور اور محتاج ہستی کے طور پر پیش کیا ہے، حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ عورت نے ہمیشہ ہر مشکل گھڑی میں اپنے حوصلے اور ہنر سے یہ ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف ایک گھر کی معمار ہے بلکہ ایک مضبوط قوم کی بنیاد بھی رکھ سکتی ہے۔ اسلامی تعلیمات بھی عورت کے حقوق اور اس کی عظمت کو واضح طور پر بیان کرتی ہیں۔ حضرت خدیجہؓ کا کامیاب تاجر ہونا، حضرت عائشہؓ کا علم وفقہ میں کمال حاصل کرنا، اور حضرت فاطمہؓ کا صبر واستقامت سے مشکلات کا سامنا کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ اسلام عورت کو کمزور نہیں بلکہ ایک طاقتور اور باعزت مقام عطا کرتا ہے۔ لیکن افسوس، کئی معاشروں میں آج بھی عورت کو دبانے کی کوشش کی جاتی ہے، اسے تعلیم، ملازمت اور خودمختاری کے مواقع فراہم نہیں کیے جاتے۔ یہ سوچ صرف عورت کے لیے نقصان دہ نہیں بلکہ پورے معاشرے کے لیے بھی رکاوٹ کا باعث بنتی ہے، کیونکہ جب آدھی آبادی کو پیچھے رکھا جائے گا تو ترقی کا سفر سست ہو جائے گا۔ یہ کہنا کہ عورت کمزور ہے، دراصل سماجی ناانصافی اور جہالت کا نتیجہ ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ عورت جذباتی طور پر زیادہ مضبوط، ذہنی طور پر زیادہ مستحکم اور فیصلہ سازی میں اکثر مردوں سے بھی بہتر ثابت ہوتی ہے۔ ایک ماں کی حیثیت سے وہ نسلوں کی پرورش کرتی ہے، ایک بہن کے روپ میں حوصلہ دیتی ہے، اور ایک بیوی کے طور پر خاندان کی طاقت بن کر ابھرتی ہے۔ جدید دور میں خواتین نے ہر شعبے میں اپنی قابلیت کا لوہا منوایا ہے۔ چاہے وہ سیاست ہو، جہاں بینظیر بھٹو جیسے رہنما سامنے آئیں، یا سائنس کا میدان، جہاں ڈاکٹر ثمرینہ ہاشمی جیسی خواتین نے اپنی محنت سے دنیا میں نام روشن کیا۔ تعلیم، معیشت، کھیل اور دفاع جیسے اہم میدانوں میں بھی عورتیں ہر روز نئی تاریخ رقم کر رہی ہیں۔ اس کے باوجود، کچھ روایتی سوچ رکھنے والے طبقات اب بھی عورت کو کمزور سمجھ کر اس کی صلاحیتوں کو محدود کرنا چاہتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ عورت کو اس کے مکمل حقوق دیے جائیں، اسے تعلیم و ترقی کے مساوی مواقع فراہم کیے جائیں اور اس کی صلاحیتوں کو تسلیم کیا جائے۔ ایک معاشرہ تبھی کامیاب ہو سکتا ہے جب وہ اپنے تمام افراد، چاہے وہ مرد ہوں یا عورت، کو یکساں مواقع فراہم کرے اور ان کی ترقی کو یقینی بنائے۔ عورت کمزور نہیں، بلکہ وہ ایک ایسی طاقت ہے جو اگر صحیح سمت میں استعمال ہو تو ایک نئی دنیا تخلیق کر سکتی ہے۔

ماں محض ایک رشتہ نہیں، بلکہ محبت، قربانی اور بے لوثی کا ایک ایسا پیکر ہے جس کی مثال دنیا میں کہیں نہیں ملتی۔ ماں کی گود بچے کی پہلی درسگاہ ہوتی ہے، جہاں سے وہ زندگی کے بنیادی اصول سیکھتا ہے۔ وہ نہ صرف اپنے بچوں کی پرورش کرتی ہے بلکہ ان کے اخلاق، کردار اور مستقبل کی بنیاد بھی رکھتی ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ بڑی شخصیات کے پیچھے ہمیشہ ایک عظیم ماں کا کردار رہا ہے، جس نے اپنے بچوں کو حوصلہ، ہمت اور سچائی کا درس دیا۔ ماں کی طاقت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہ بیک وقت ایک استاد، نگران، مشیر اور محافظ ہوتی ہے۔ اگرچہ معاشرہ اکثر عورت کو کمزور سمجھتا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ ایک ماں کی محبت اور دعائیں دنیا کے سب سے بڑے طوفانوں کا رخ موڑ سکتی ہیں۔ اس کی مضبوطی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہ اپنی تمام مشکلات اور دکھوں کو پسِ پشت ڈال کر اپنے بچوں کے لیے ہمیشہ ایک سایہ دار درخت بنی رہتی ہے۔ ماں کی عظمت کو تسلیم کیے بغیر کوئی بھی معاشرہ حقیقی ترقی نہیں کر سکتا، کیونکہ ایک مضبوط ماں ہی ایک مضبوط نسل کی پرورش کر سکتی ہے۔

اسپورٹس اسپیشل
SPORTS SPECIAL

اسپیشل اولمپکس، پاکستانی اتھلیٹس نے مزید 3 گولڈ میڈلز جیت لیے

پاکستان 2 ایونٹس میں اب تک 12 میڈلز جیت چکا ہے

اٹلی (اسپورٹس نیوز) اسپیشل اولمپکس ورلڈ ونٹر گیمز میں پاکستانی اتھلیٹس نے مزید 3 گولڈ میڈلز ویمنز مین گولڈ میڈل جیت لئے۔ مینز میں پاکستان کے عبدالصبور نے گولڈ میڈل جیتا، اس کے بعد 400 میٹر

SPECIAL OLYMPICS
WORLD
1375
1229
1250

جیت لیے۔ 400 میٹر اسنو شوئنگ میں پاکستان کے صبور اور مناہل نے گولڈ میڈل اپنے نام کئے جبکہ منیب الرحمٰن نے 100 میٹر کراس کنٹری اسکیئنگ میں گولڈ میڈل جیت لیا، پاکستان اب تک 6 گولڈ میڈل جیت چکا ہے۔ اٹلی کے شہر ٹورین میں جاری اسپیشل اولمپکس ورلڈ ونٹر گیمز میں پاکستانی اتھلیٹس کی کارکردگی نمایاں رہی۔ پاکستان نے 400 میٹر اسنو شوئنگ کے مینز اور ویمنز اسنو شوئنگ میں مناہل نے پاکستان کیلئے سونے کا تمغہ جیتا۔ منیب الرحمٰن نے 100 میٹر کراس کنٹری اسکیئنگ میں گولڈ طلائی تمغہ جیت کر گولڈ میڈلز کی تعداد 6 کردی۔ منیب الرحمٰن نے 50 میٹر میں طلائی تمغہ حاصل کیا۔ پاکستان 2 ایونٹس میں اب تک 12 میڈلز جیت چکا ہے جس میں 6 گولڈ، 3 سلور اور 3 برانز میڈل شامل ہیں۔

چیمپئنز ٹرافی کی جیت کے بعد روہت شرما کو انعام مل گیا

روہت انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گے

ممبئی (اسپورٹس نیوز) چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کی جیت کے بعد بھارتی کپتان روہت شرما کو انعام مل گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق روہت شرما کو ٹیسٹ فارمیٹ کی کپتانی میں توسیع مل گئی ہے، وہ انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گے۔ یاد رہے کہ روہت شرما کی قیادت میں بھارتی ٹیم چیمپئنز ٹرافی میں ناقابل شکست رہی تھی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سلیکٹرز نے روہت شرما پر نئے سرے سے اعتماد کا اظہار کیا ہے، جون سے اگست تک ہونے والے دورہ انگلینڈ کے لیے انہیں اعتماد کا ووٹ مل گیا ہے۔ روہت شرما کو یقین دہانی کرا دی گئی ہے کہ وہ انگلینڈ میں کپتان ہوں گے۔ واضح رہے کہ حال ہی میں آسٹریلیا کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں شکست کے بعد روہت شرما کی کپتانی خدشات کا شکار تھی۔ روہت شرما کی انفرادی کارکردگی بھی ناقص رہی تھی، انہوں نے 3 ٹیسٹ میچز میں 31 رنز بنائے تھے اور سیریز کے آخری ٹیسٹ سے انہیں ڈراپ بھی کر دیا گیا تھا۔

ہیری بروک پر IPL کھیلنے پر 2 سال کی پابندی عائد

ہیری بروک اپنی تمام تر توجہ انٹرنیشنل کرکٹ پر مرکوز رکھنا چاہتے ہیں

ممبئی (اسپورٹس نیوز) ہیری بروک پر IPL کھیلنے پر 2 سال کی پابندی عائد بھارتی میڈیا کی ایک رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ ٹورنامنٹ شروع ہونے سے قبل آخری لمحات میں دستبردار ہونے کی وجہ سے ہیری بروک پر آئی پی ایل میں شرکت کرنے پر 2 سال کی پابندی لگائی گئی ہے۔ آئی پی ایل کے نئے قانون کے مطابق نیلامی میں رجسٹر کوئی بھی غیر ملکی کھلاڑی فرنچائز کی جانب سے خریدے جانے کے بعد سیزن کے آغاز سے پہلے ٹورنامنٹ سے دستبردار ہوجائے تو اس پر ٹورنامنٹ میں شرکت پر 2 سیزن کے لیے پابندی عائد کی جائے گی۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق بی سی سی آئی کی جانب سے ہیری بروک اور انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کو بیٹر پر 2 سالہ پابندی عائد کرنے کے اپنے فیصلے سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔

کیا واقعی عمر اکمل نے بابر اعظم کو چھکا مارنا سکھایا؟

میں نے اسے بولا کہ جب اسپنر کو کھیل رہے ہو تو اپنی بیٹ گرپ کو تھوڑا سا تبدیل کیا کرو، عمر اکمل



لاہور (اسپورٹس نیوز) قومی کرکٹر عمر اکمل نے بتایا ہے کہ انھوں نے کس شارٹ کو بہتر بنانے میں بابر اعظم کی مدد کی اور ان کے لیے ڈوکٹ پر چھکا مارنا آسان ہوا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کے دوران میزبان نے عمر اکمل سے سوال کیا کہ بابر اعظم نے کبھی آپ سے مشورہ لیا؟ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ آپ نے کزن ہونے کے ناطے فون کرلیا ہو کہ بابر یار ایسے نہیں ایسے کرلو۔ عمر اکمل نے اس بات کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ ایک دور میں بابر اعظم تھوڑا سا جدوجہد کر رہا تھا، اسپنر کی جو ہاف لینتھ بال ہوتی ہے اسے ڈوکٹ پر مارنے کے حوالے سے اسے پریشانی ہو رہی تھی اور وہ آؤٹ ہو رہا تھا۔ انھوں نے بتایا کہ بابر میرے پاس آیا اور اس نے بولا کہ عمر بھائی مجھے یہ تھوڑی سا مسئلہ ہو رہا ہے کہ میں ہٹ مار رہا ہوں اور باؤنڈری پر کیچ ہو رہا ہوں۔ میں نے اسے ایک چیز بتائی، میں نے اس سے پوچھا کہ تمہاری بیٹ گرپ کیا ہے، بابر نے مجھے بتایا تو میں نے اسے بولا کہ جب اسپنر کو کھیل رہے ہو تو اپنی بیٹ گرپ کو تھوڑا سا تبدیل کیا کرو۔ عمر اکمل نے کہا کہ میں نے بابر کو بتایا کہ جب بال آدھی وکٹ پر ہو تو باہر ہوگا تو کٹ مارنے میں بھی آسانی ہوگی جب بال تھوڑا سا اندر ہوگا اور جب آپ اس بال کو ہٹ مارنے جاؤ گے نہ چھکے لیے تو وہ بال فلائی کرے گا فلیٹ نہیں جائے گا۔ بابر نے مجھے یہ بولا تھا کہ آپ اسپنرز کو یہ والا شارٹ اچھا مارتے ہو کٹ بھی اچھا مارتے ہو تو بحیثیت سینئر پلیئر میں نے اسے یہ چیز بتائی تھی۔

میں نے آسٹریلیا میں اپنا آخری ٹیسٹ کھیل لیا، کوہلی نے تصدیق کر دی

میرے پاس آسٹریلیا کے دورے کو درست کرنے کا موقع نہیں لہٰذا زندگی میں جو کچھ بھی ہوا اسے بھول جانا چاہیے، گفتگو

BIRLA ESTATES
QATAR AIRWAYS

نئی دہلی (اسپورٹس نیوز) بھارت کے نامور بلے باز ویرات کوہلی نے واضح کیا ہے کہ انھوں نے آسٹریلیا میں اپنے کیریئر کا آخری ٹیسٹ میچ کھیل لیا ہے۔ چیمپئنز ٹرافی میں فتح کے بعد بھارتی اسٹار بیٹر ویرات کوہلی نے بین الاقوامی کرکٹ میں اپنے مستقبل کے حوالے سے اہم اشارہ دیتے ہوئے کہا کہ میں نے آسٹریلیا میں اپنا آخری ٹیسٹ کھیل لیا، کیوں کہ ہوسکتا ہے کہ اب میں آسٹریلیا کا دوسرا دورہ نہ کرسکوں۔ کوہلی نے کہا کہ وہ فی الحال ریٹائرمنٹ کے حوالے سے کوئی اعلان نہیں کر رہے ہیں کیونکہ وہ اب بھی کھیل سے بہت محبت کرتے ہیں، تاہم انھوں نے ایک طرح سے تصدیق کی کہ وہ آسٹریلیا میں اپنا آخری ٹیسٹ کھیل چکے۔ بھارتی بیٹر نے کہا کہ شائقین گھبرائیں نہیں میں کوئی اعلان نہیں کر رہا ہوں، اب تک سب کچھ ٹھیک ہے مجھے اب بھی کرکٹ کھیلنا پسند ہے۔ ویرات کوہلی نے مزید کہا کہ میرے پاس آسٹریلیا کے دورے کو درست کرنے کا موقع نہیں لہٰذا زندگی میں جو کچھ بھی ہوا ہے اس کو بھول جانا چاہیے، 2014 کی طرح انگلینڈ کے خلاف بھی سیریز میں ایسا ہی کچھ ہوا تھا۔ حالیہ بارڈر-گواسکر ٹرافی میں پرتھ میں ہونے والے میچ کی دوسری اننگز میں کوہلی نے سنچری بنائی تھی تاہم اس کے علاوہ وہ تقریباً ہر اننگز میں ناکام رہے۔ پانچ میچوں کی سیریز میں ویرات کوہلی اسی طرح ایک ہی انداز میں آؤٹ ہوتے رہے کیونکہ وہ مسلسل آف اسٹمپ کے باہر اچھی گیندوں کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرتے رہے اور اس کا خمیازہ بھگتا۔

پاکستان سے شکست پر جان سے مارنے کی دھمکیاں ملیں، ورون چکرورتھی

نئی دہلی (اسپورٹس نیوز) بھارتی ٹیم کے مسٹری اسپنر ورون چکرورتھی نے انکشاف کیا ہے کہ 2021 میں پاکستان سے ملی ذلت آمیز 10 وکٹوں سے شکست کے بعد انہیں جان سے مارنے کی دھمکیاں دی گئیں۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں اپنی شاندار بالنگ سے بھارت کو ٹائٹل جتوانے والے بھارت کے مسٹری اسپنر ورون چکرورتھی نے 2021 کے ٹی 20 ورلڈ کپ میں پاکستان سے ہوئی شکست پر لب کشائی کر دی۔ انہوں نے بتایا کہ وہ میرا ڈیبیو میگا ایونٹ تھا، جہاں ہمیں پاکستان کے ہاتھوں بدترین شکست کا منہ دیکھنا پڑا، اس شکست نے مجھے ڈپریشن میں ڈال دیا تھا۔ ورون چکرورتھی نے کہا کہ ٹی 20 ورلڈ کپ میں بڑی امیدوں کیساتھ گیا تھا لیکن اس ہار نے مجھے شدید دھچکا پہنچایا تھا، 2021 ورلڈ کپ میں پاکستان سے شکست کے بعد مجھے دھمکی آمیز کال موصول ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں نے مجھے بھارت آنے سے منع کیا اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں، جب میں ائیرپورٹ سے واپس آرہا تھا تو کچھ لوگ اپنی بائیک پر میرا پیچھا کرتے رہے۔

Showbiz
News
شوبز

عامر خان نے گوری سپرٹ نامی خاتون کیساتھ تعلقات کا اعتراف کرلیا

60 سال کی عمر میں شادی کرنا شاید مجھے مناسب نہیں لگتا لیکن دیکھتے ہیں، وقت بتائے گا، اداکار

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکار عامر خان نے اپنے زندگی میں آنے والی ایک اور محبت کی تصدیق کرتے ہوئے گوری سپراٹ نامی خاتون کے ساتھ اپنے تعلقات کا اعتراف کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق عامر خان نے اپنے زندگی میں آنے والی ایک اور محبت کی تصدیق کرتے ہوئے گوری سپراٹ نامی خاتون کے ساتھ اپنے تعلقات کا اعتراف کیا ہے۔ عامر خان نے مداحوں سے انکشاف کیا کہ وہ اور گوری دونوں ایک دوسرے کے ساتھ کمیٹڈ ہیں اور وہ ان کے ساتھ سٹیلڈ محسوس کرتے ہیں۔ عامر نے رشتے کا باضابطہ اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ وہ گوری کے ساتھ رومانوی تعلق میں ہیں، گوری کی ایک 6 سالہ بیٹی بھی ہے اور یہ جوڑا پچھلے 25 سالوں سے ایک دوسرے کو جانتا ہے۔ عامر خان نے اپنے رشتہ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہم مکمل طور پر ایک دوسرے کے ساتھ پرعزم ہیں، میں نے 2 بار شادی کی ہے مگر اب 60 سال کی عمر میں شادی کرنا شاید مجھے مناسب نہیں لگتا لیکن دیکھتے ہیں، وقت بتائے گا۔

گلوکارہ مہک علی کی نئی قوالی ادا ریلیز ہوتے ہی مقبول ہوگئی

گلوکارہ مہک علی صوفی فوک اور بطور پلے بیک سنگر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہے

لاہور (شوبز نیوز) معروف گلوکارہ مہک علی کی نئی قوالی ادا ریلیز ہوتے ہی مقبول ہوگئی۔ گلوکارہ مہک علی صوفی فوک اور بطور پلے بیک سنگر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہے، ان کی نئی قوالی کو میوزک کے دلدادہ افراد کی جانب سے خوب پسند کیا جا رہا ہے، کلام مشہور شاعر علی زریون نے لکھا ہے اور وہ ویڈیو میں بھی جلوہ گر ہوئے ہیں۔ اس کا میوزک نامور میوزک ڈائریکٹر جے علی نے دیا ہے جبکہ گلورلیس پروڈکشن کے پلیٹ فارم سے اس ویڈیو کو ورلڈ وائیڈ ریلیز کیا گیا ہے۔ گلوکارہ مہک علی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اپنی کامیابیوں کو ہمیشہ اپنے پرستاروں کے نام کیا ہے، کئی مرتبہ مجھے بہترین گلوکارہ کیلئے نامزد کیا گیا۔ مہک علی نے بتایا کہ میں نے میوزک سیکھنے کا فیصلہ کیا تو اس کے بعد مجھے ریڈیو میں گانے کا موقع ملا جس کے بعد میں باقاعدہ گلوکاری سیکھتے ہوئے اپنے فنی کیریئر میں ابتک بہت سے ویڈیو سونگ تیار کرچکی ہوں۔

کرش 4 کو پھر رکاوٹ کا سامنا، ڈائریکٹر اور پروڈیوسر آؤٹ

ممبئی (شوبز نیوز) بڑے بجٹ کی وجہ سے اسٹوڈیوز فلم کے لیے ہچکچاہٹ کا شکار ہیں۔ بالی ووڈ فلم ساز راکیش روشن نے اپنے بیٹے ریتیک روشن کو بطور سپر ہیرو پہچان دلانے والی تین کامیاب فلموں کے بعد کرش فرنچائز کی چوتھی قسط کا اعلان کیا تھا۔ اس اعلان کے ساتھ ہی کرش 4 وہ فلم بن گئی جس کا شائقین کو بے صبری سے انتظار ہے جس میں ریتیک اپنی سپر پاورز کو چمکانے کے لیے اسکرین پر واپس آنے والے ہیں۔ کرش 4 کو ایک بڑی رکاوٹ کا سامنا ہے۔ فلم پہلے ہی بڑی تاخیر کا مشاہدہ کرچکی ہے اور اب ایسا لگتا ہے کہ اس کے بے حد بجٹ کی بدولت بنانے والوں کو سخت چیلنج کا سامنا ہے۔

ریتک روشن بیساکھیوں کے سہارے چلنے لگے



لاہور (شوبز نیوز) معروف بالی ووڈ اداکار ریتک روشن گھٹنے کی چوٹ کے بعد بیساکھیوں کے سہارے چلنے لگے۔ ریتک روشن حال ہی میں گھٹنے کی چوٹ کا شکار ہوئے ہیں، معروف اداکار و فلم ساز دیب مکھرجی کی آخری رسومات میں شرکت کے لیے وہ بیساکھیوں کے سہارے نظر آئے۔ ریتک روشن کے نمائندے نے میڈیا کو بتایا کہ اداکار کو گھٹنے پر چوٹ لگی، وہ شوٹنگ نہیں کر رہے تھے بلکہ فلم وار 2 کے ایک گانے کی ریہرسل کے دوران زخمی ہوئے، ڈاکٹر نے انہیں مکمل آرام کا مشورہ دیا ہے۔ ریتک روشن کی سعودی عرب میں پذیرائی، اعزاز سے نوازا گیا

میں اپنی پوڈکاسٹ میں شاہ رخ خان کا انٹرویو کرنا چاہتا ہوں، نادر علی

شاہ رخ خان کا انٹرویو کرنے کے بعد اس سے بڑا کچھ اور نہیں کیا جاسکتا، معروف یوٹیوبر

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان کے معروف یوٹیوبر اور پرینک اسٹار نادر علی نے شاہ رخ خان کا انٹرویو کرنے کے بعد پوڈ کاسٹ بند کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ نادر علی نے پاکستانی اور بین الاقوامی دونوں شخصیات کے انٹرویو کیے ہیں اور وہ اپنے سوالات کی جارحانہ نوعیت کے حوالے سے کافی تنازعات کا شکار بھی رہے ہیں۔ اُنہوں نے حال ہی میں ایک ویب شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں اُنہوں نے بطور یوٹیوبر اپنے کیریئر اور مستقبل کے ارادوں کے بارے میں بات کی۔ نادر علی نے مستقبل کے ارادوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ میں اپنی پوڈ کاسٹ میں شاہ رخ خان کا انٹرویو کرنا چاہتا ہوں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ جس دن شاہ رخ خان میری پوڈ کاسٹ میں نظر آئیں گے، اس دن میں بطور پوڈ کاسٹر اپنا کریئر ختم کر دوں گا کیونکہ شاہ رخ خان کا انٹرویو کرنے کے بعد اس سے بڑا کچھ اور نہیں کیا جاسکتا۔ نادر علی نے یہ بھی بتایا کہ میں نے اس حوالے سے شاہ رخ خان کی مینیجر پوجا دادلانی کو بھی پیغام بھیجا ہے۔

ایشا دیول کو اپنے کچھ فیصلوں پر آج بھی پچھتاوا

آج بھی فلم گول مال اور گانے بیڑی جلائی لے کو ٹھکرانے پر افسوس ہے، اداکارہ

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی لیجنڈ جوڑی دھرمیندر اور ہیما مالنی کی بیٹی اداکارہ ایشا دیول نے کیریئر کی شروعات میں کیے گئے فیصلوں پر پچھتاوے کا اظہار کیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق ایشا دیول نے تازہ انٹرویو میں کہا کہ مجھے آج بھی فلم گول مال اور گانے بیڑی جلائی لے کو ٹھکرانے پر افسوس ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے ہٹ فلم گول مال اور مقبول عام گانے بیڑی جلائی لے کیلیے سب سے پہلے رابطہ کیا گیا، لیکن میں نے ان پیشکشوں کو ٹھکرا دیا تھا۔ اداکارہ نے کہا کہ میں اعتراف کرتی ہوں کہ اپنے فلمی کیریئر کے شروعاتی دنوں میں میں کچھ فیصلے ایسے کیے جن پر مجھے آج پچھتاوا ہے لیکن میں نے اُس وقت خاندانی اقدار کو ذہن میں رکھ کر یہ فیصلے کیے تھے۔ 43 سالہ اداکارہ نے کہا کہ مجھے کئی بڑی فلمیں آفر ہوئیں لیکن میں نے انہیں انکار کیا جو بعد میں کامیاب رہیں، اگر میں وہ کرتی تو مجھے اُن کا کریڈٹ مل سکتا تھا۔ انٹرویو میں پوچھا گیا کہ کیا آپ نے اُس وقت فیصلے تکبر کی بنیاد پر کیے؟ تو جواب میں ایشا دیول نے کہا کہ نہیں، مجھے اتنا مغرومت بناو، میں جب فلموں میں کام کر رہی تھی، اچھی اور معصوم لڑکی تھی، میں مغرور نہیں تھی جیسا لوگ سمجھتے ہیں۔

ٹک ٹاکر مناہل ملک نے بھی زندگی کا پہلا عمرہ ادا کرلیا

لاہور (شوبز نیوز) مبینہ طور پر اپنی نامناسب ویڈیوز وائرل ہونے کے سبب شہ سرخیوں کا حصہ بننے والی ٹک ٹاکر مناہل ملک نے بھی زندگی کا پہلا عمرہ ادا کرلیا۔ ماہ صیام میں ہر انسان کی خواہش ہوتی ہے کہ اس بابرکت ماہ کے قیمتی ایام انہیں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں نصیب ہو جائیں، اور ان خوش نصیبوں میں ٹک ٹاکر مناہل ملک بھی شامل ہوگئیں جنہوں نے اس رمضان زندگی کا پہلا عمرہ ادا کیا۔ ٹک ٹاکر مناہل ملک نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر پوسٹ شیئر کی جس میں انہوں نے منی ویلاگ کی صورت میں اپنے گھر سے لے کر خانہ کعبہ پر پہلی نظر پڑنے تک کا احوال سنا دیا۔

بقیہ 1

ڈکیتی کی واردات ہوئی ہے، 6 سے زائد ملزمان کی جانب سے اسلحہ کے زور پر دودھ کے بیوپاری سے لوٹ مار کی گئی، شہری شعیب ڈار کی مدعیت میں مدینہ کالونی تھانے میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ متاثرہ شہری بغیر اطلاع کے زیادہ رقم لیکر جارہا تھا، شہریوں کو متعدد بار کہا ہے بڑی رقم کی منتقلی سے پہلے پولیس کو اطلاع دیں۔ 40 لاکھ و دیگر سامان سے محروم ہونے والے شہری کے حوالے سے پولیس حکام نے مزید بتایا کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 2

ایس ایچ او اے این ایف نیمقتول مصطفیٰ عامر کا ڈیتھ سرٹیفکیٹ اور دیگر دستاویزات پیش کیں، جس میں مصطفیٰ عامر کا نام عامر عرف تیمور ولد عامر شجاع درج تھا۔ ایس ایچ او اے این ایف کورنگی نے بیان دیا کہ ملزم عامر عرف تیمور کا انتقال ہوچکا ہے۔ عدالت نے ایس ایچ او کے بیان کے بعد مصطفیٰ عامر کے خلاف مقدمہ ختم کردیا۔ مقدمے میں عمار حمید اور فیصل یعقوب اشتہاری ملزم ہیں۔ عدالت نے دونوں کے ایک مرتبہ پھر ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔ واضح رہے کہ مصطفیٰ عامر کے 22 فروری کو وارنٹ گرفتاری جاری ہوئے تھے۔ مصطفیٰ عامر اور دیگر ملزمان کیخلاف 2024 میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ 3

روپے ہونی چاہیے جب کہ کامیاب ہونے فی طالبعلم کو 25 ہزار روپے اسکالرشپ دی جائے گی۔

بقیہ 4

فوٹیج منظرعام پر آگئی، جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ملزم ایک ہی گلی سے متعدد موٹر سائیکلوں کی بیٹریز نکال چکا ہے جبکہ 2 موٹر سائیکلوں کیبیٹری کور کھولنے میں ناکام رہا۔ فوٹیج میں ملزمان کا چہرہ واضح طور دیکھا جاسکتا ہے، علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ علاقےمیں گیس کے میٹر بھی چوری ہوچکےہیں۔ یادرہے چندروز قبل کراچی کے علاقے عزیز آباد بلاک 8 میں موٹر سائیکل چوری کی واردات ہوئی تھی

بقیہ 5

لیے پولیس اس کا بار بار ریمانڈ حاصل کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملزم شیراز کے بیان کی کوئی حیثیت نہیں، اس نے اپنے آپ کو بچانے کے لیے بیان دیا۔ مصطفیٰ کے کیس میں ارمغان کے حوالے سے پہلے دن سے مجھے ڈرایا جارہا ہے۔ شیراز نے من گھڑت کہانی بنا کر سنائی، وہ وعدہ معاف گواہ نہیں بنے گا۔ مصطفیٰ کی والدہ نے کہا کہ شیراز گواہ نہیں بلکہ میرے بیٹے کے قتل کے جرم میں برابر کا شریک ہے۔ مصطفیٰ کی لاش بلوچستان میں ٹھکانے لگانے کا آئیڈیا شیراز کا ہی تھا

بقیہ 6

ملک سے تعصب کا خاتمہ کیا جائے، میرٹ پر تقرریاں بھی کی جائیں اور فیصلے بھی۔ نیت کی درستگی کے بغیر قبلہ درست نہیں ہوسکتا۔ دہشت گردی کے خاتمے کے لئے مذاکرات موجودہ ٹیسٹ ٹیوب سیاست دانوں کے بس کی بات نہیں ہے۔ ملک اس وقت چند احمقوں کے ہاتھوں یرغمال بنا ہوا ہے۔ معاشی استحکام سیاسی استحکام کے بغیر ناممکن ہے۔ ہندوستان ہم سے پس ماندہ تھا لیکن معاشی ترقی کی دوڑ میں ہم سے آگے نکل چکا ہے۔ امن وامان اور قانون کی حکمرانی کے بغیر ملک آگے نہیں بڑھ سکتا۔

بقیہ 7

تقسیم کی جاتی ہے۔ المصطفی ویلفیئر سوسائٹی اور پاکستان بیت المال کے تعاون سے رمضان میں راشن تقسیم کیا جاتا ہیاور غریب نادر افراد کی گائے بگائے مدد بھی کی جاتی ہیں۔ حاجی حنیف طیب ہمیشہ ہم پر توجہ دیتے ہیں اور اپنے تمام کاموں میں ہمیں شامل حال رکھتے ہیں اور المصطفی ویلفیئر سوسائٹی ملیر کے معاملات میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں۔ اللہ تعالی ان کا سایہ ہمارے سروں پر قائم ودائم رکھے

بقیہ 8

اظہار انہوں نے جماعت اسلامی یوتھ سائٹ غربی کے تحت جامع مسجد دارالسلام میں شب بیداری سے خطاب کرتے ہوئے کیا، شب بیداری سے صدر جے آئی یوتھ کراچی ہاشم ابدالی اور شوکت علی مجاہد نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی سائٹ غربی راشد خان، صدر جے آئی یوتھ سائٹ غربی حبیب اللہ خان، سیکرٹری یوتھ ساجد عباسی سمیت نوجوانوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ 9

کر دیتے ہیں۔ ڈائریکٹر مواخات پروگرام یوسف محی الدین نے کہا کہ الخدمت اسکل ڈیولپمنٹ سینٹرز سے فارغ التحصیل 60 فیصد سے زائد طلبہ الحمدللہ ملازمت یا اپنا کاروبار کررہے ہیں۔ لوگوں کو قرض کی فراہمی کا مقصد بے روزگار افراد کو ان کے پیروں پر کھڑا کرنا ہوتا ہے تاکہ وہ لوگ اپنی زندگیوں میں تبدیلی لاسکیں۔ ایک فرد کاروبار کرتا ہے تو اس کا پورا خاندان اس سے استفادہ کرتا ہے اور اس شخص کے گھر میں خوشحالی آتی ہے۔ یوسف محی الدین نے کہا کہ الخدمت کے یہ تمام کام اہل خیر کے تعاون سے سارا سال جاری رہتے ہیں صاحب ثروت افراد مواخات اور نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے پروگرام میں الخدمت کا ساتھ دیں۔

بقیہ 10

کے حوالے سے اپنے جائز حصے سے بھی محروم رہتا ہے، انہوں نے کہا کہ میں شکرگزار ہوں کہ آپ نے کراچی کے لئے وفاقی حکومت سے سو ارب روپے کے حصول کی پیشکش کی ہے، انہوں نے اپنے خط میں ان منصوبوں کی بھی نشاندہی کی ہے جن کے لئے وفاقی حکومت کی مالی معاونت درکار ہے، میئر کراچی نے اپنے خط میں اس بات کا ذکر کیا کہ شہری بحالی (اربن ری جنریشن) کے منصوبے کراچی کے بگڑتے ہوئے شہری منظر نامے کو بہتر بنانے کے لئے نہایت ضروری ہیں، انہوں نے کہا کہ کراچی کے کچھ بدترین متاثرہ علاقے وفاقی حکومت کے زیر کنٹرول ہیں، میری یہ تجویز ہے کہ گورنر صاحب کے ایم سی کی مدد کریں اور پاکستان کوارٹرز، جمشید کوارٹرز اور مارٹن کوارٹرز میں شہری بحالی کے منصوبے شروع کرنے کے منصوبے کی جگہ فراہم کریں، میئر کراچی نے کہا کہ اولڈ سٹی ایریا اور کاروباری علاقوں میں وفاقی حکومت کی قیمتی جائیدادیں ہیں، مناسب ہوگا کہ ان مقامات پر پارکنگ پلازے تعمیر کئے جائیں، خاص طور پر وہ زمین جو سندھ حکومت نے پاکستان ریلوے کو ایم اے جناح روڈ اور آئی آئی چندریگر روڈ پر فراہم کی ہے، میں گورنر سندھ سے درخواست کرتا ہوں کہ اس منصوبے کے لئے اس میں مداخلت کریں تاکہ ٹریفک کے مسائل میں کمی لائی جاسکے،

بقیہ 11

سالہ فضل ولد محمد علی کے نام سے ہوئی ہے۔ ایس ایچ او علن خان نے بتایا کہ واقعہ خودکشی کا معلوم ہوا ہے۔ متوفی بیروزگاری سے تنگ تھا جس نے دلبرداشتہ ہوکر رسی کی مدد سے درخت پر پھندا لگا کر خودکشی کرلی۔ متوفی کا آبائی تعلق ساکران سے تھا جبکہ یہاں قریب جوگیوں میں رہتا تھا، پولیس نے ضابطے کی کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی۔

بقیہ 12

اظہار انہوں نے رشین فیڈریشن کے جہاز کے استقبال کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر سندھ جب تقریب میں پہنچے تو ان کا خیر مقدم رشین فیڈریشن کے قونصل جنرل Andrey Fedorov، جہاز کے کپتان اور دیگر عملہ نے کیا۔ تقریب میں پاکستان نیوی کے کمانڈر پاکستان فلیٹ ریئر ایڈمرل عبدالمنیب اور دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔ گورنر سندھ نے مزید کہا کہ روسی نیول جہازوں کی کراچی آمد سے، بحری تعاون مزید متحکم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس شاندار تقریب میں شرکت میرے لیے باعثِ فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک روس دیرینہ تعلقات وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہورہے ہیں۔

بقیہ 13

کارروائیاں جاری ہیں، کراچی پولیس اور ملزمان کے درمیان گزشتہ ہفتے 26 مقابلے ہوئے۔ ترجمان پولیس کا کہنا ہے کہ ان مقابلوں میں 5 ڈاکو ہلاک، 27 زخمیوں سمیت 41 ڈاکوؤں کو گرفتار کیا گیا ہے جبکہ کراچی پولیس نے گزشتہ ہفتے کے دوران 1116 سے زائد ملزمان کو گرفتار کیا۔ ترجمان کے مطابق منشیات فروشی میں ملوث ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت کی منشیات برآمد ہوئی، ملزمان سے 36 کلو 814 گرام آئس اور ہیروئین برآمد کی گئی، گرفتار ملزمان سے 153 مختلف اقسام کا غیرقانونی اسلحہ برآمد ہوا۔ ترجمان پولیس نے مزید بتایا کہ ایک ہفتے کے دوران 56 موٹر سائیکلیں اور 4 گاڑیاں تحویل میں لی گئیں، گرفتار ملزمان کیخلاف مقدمات درج کرکے تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 14

اہ ہے کہ ایم کیو ایم نے تمام بلدیاتی انتخابات میں جیالوں کو ناکوں چنے چبوا کر رکھا۔ انہوں نے کہا کہ دھونس، جبر اور دھاندلی سے قائم بلدیاتی حکومت کی حقیقت عیاں ہوچکی ہے، پارکنگ تک کے معاملے پر صوبائی اور شہری حکومت ایک پیج پر نہیں ہے۔ ایم کیو ایم رہنما نے کہا کہ شہر میں امن قانون نافذ کرنے والے اداروں کی وجہ سے قائم ہے، شہر میں امن کی وجہ ایم کیو ایم کے 23 اگست 2016 کا اعلان ہے۔ علی خورشیدی نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی اور سندھ کی ترقی دو مخالف سمت کی باتیں ہیں، سندھ کے محکمے کرپشن کا ریکارڈ قائم کرچکے ہیں۔

بقیہ 15

مذہبی میدانوں میں تن تنہا بھی لڑنا پڑے تو ہم لڑیں گے ان خیالات کا اظہار جماعت غرباء اہل حدیث پاکستان کے مرکزی امیر وریئس الجامعہ ستاریہ الاسلامیہ گلشن اقبال کراچی نے اپنے ویڈیو لنک پر پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں کو اور جماعت کے مرکزی میڈیا ترجمان عبدالرحمن عابد راجپوت سے ملکی حالات و واقعات پر اہم پیغام دیتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہمیں مذہبی، سماجی اور سیاسی پلیٹ فارم سے اپنی ریاست میں رہتے ہوئے اپنی بصیرت و بصارت کو ایسے اجاگر کرنا ہے جیسے ہماری پاک افواج کے نڈر نوجوان سپاہی ہماری ملکی اور نظریاتی سرحدوں کے پاسبان بن کر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کردیتے ہیں ہمیں ان کے شانہ بشانہ چل کر اب ملکی مفادات اور ملکی سالمیت کو داؤ پر لگانے والے دہشت گردوں اور پاکستان کی بقاء و حاکمیت سے نبرد آزما ہونے والوں کو پسِ دیوارِ زنداں نہیں بلکہ ان کی سرکوبی کر کے ان کو کیفر کردار تک پہنچانا ہوگا

بقیہ 16

میں ناکامی پر مستعفی ہو جانا چاہیں دہشت گردی کے المناک واقعات میں سیکورٹی فورسز کے جوان اور عام لوگ شہید ہورہے ہیں جو انتہائی پریشانی کی بات ہے ان خیالات کا اظہار اسلم خان فاروقی نے لیاقت آباد میں ایم کیو ایس سی کے رہنما و ماہر تعلیم سید انوار حسین اور محمد ہاشم صدیقی سے ملاقات کے دوران کیا اسلم خان فاروقی نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا دہشت گردی کی آگ میں جل رہا ہے اور حکمران محض زبانی بیان بازی کررہے ہیں حکمرانوں سے قیام امن اور ملکی معیشت کی بہتری کی امید رکھنا فضول ہے

بقیہ 17

وائرل ہوئی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ پولیس کی جانب سے فرار ملزمان کی تلاش جاری ہے، اور اطراف میں لگے مزید سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج حاصل کی جارہی ہیں، تاہم شہری خرم پرویز نے قانونی کارروائی سے منع کر دیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق اس واقعے کی فوٹیج سوشل میڈیا پر کل سے وائرل تھی، جس پر پولیس اور اسپیشل برانچ کی جانب سے علاقے کی تصدیق کی گئی، کیوں کہ اعلی افسران کی جانب سے وائرل کلپ سے متعلق رپورٹ طلب کی گئی تھی

بقیہ 18

پارٹی کراچی ڈویژن) نے بین المذاہب ہم آہنگی پر زور دیا گیا اور کہا آج کا پروگرام اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ چرچ کمپاؤنڈ میں تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ مل کر افطار ڈنر ایک ساتھ کر رہے ہیں اور پاکستان میں یکجہتی، بھائی چارے اور امن کے فروغ کی ضرورت کو اجاگر کیا گیا۔ اور کہا "سب سے بڑا مذہب انسانیت ہے، اور ہمیں مل کر پاکستان کو محبت، رواداری اور امن کا گہوارہ بنانا ہے

بقیہ 19

حوصلہ شکنی جبکہ گرین انرجی کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے تاہم پاکستان میں اس سے الٹ کیا جارہا ہے۔ آئی پی پیز کی لوٹ مار کا غصہ عوام پر اتارا جا رہا ہے جو افسوسناک ہے۔ میاں زاہد حسین نے کاروباری برادری سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سورج سے بجلی پیدا کرنے کو فروغ دینے کے بجائے اسکی حوصلہ شکنی کررہی ہے جس سے اس شعبہ میں عوام کی جانب سے اربوں روپے کی سرمایہ کاری فائدے کے بجائے نقصان میں بدل رہی ہے جبکہ سرمایہ کاروں کو منفی پیغام جا رہا ہے۔ اہم پالیسیوں میں اچانک بنیادی تبدیلی سیسرمایہ کاری کی فضا متاثر ہوتی ہے جسکی وجہ سے کوئی پاکستان میں سرمایہ لگانا نہیں چاہتا ہے۔

بقیہ 20

کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں تمام ڈپٹی کمشنرز ایڈیشنل کمشنر ون غلام مہدی شاہ اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹرز رابعہ سید، بیورو آف سپلائی کے افسران اور دیگر نے شرکت کی اجلاس میں گراں فروشوں کے خلاف مہم کا جائزہ لیا گیا اجلاس نے مارکیٹوں میں شہریوں کی شکایات کے ازالے کے لئے قائم کیمپس اور سپر اسٹورز پرک۔ کمشنر کراچی کاونٹرز کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا۔ اجلاس نے افسران کی نگرانی میں اشیا کی سرکاری نرخوں پر فروخت کی کوششوں کا تفصیلی جائزہ لیا فیصلہ کیا گیا کہ مجسٹریٹس نرخوں پر فوڈ اسٹالز اور دکانوں پر زیادہ سے زیادہ وقت دیں گے اپنی نگرانی میں سرکاری نرخوں پر آشیا فروخت کرائیں گے۔ کمشنر نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے ضروری ہے کہ افسران مارکیٹوں اور بازاروں میں قیمتیں چیک کرنے کے لئے ہر ممکنہ طور پر زیادہ وقت دیں تاکہ شہریوں کو افسران کی عدم موجودگی میں سرکاری نرخ کی خلاف ورزی کی شکایات دور ہوں اجلاس نے گراں فروشی کی روک تھام کی کوششوں پر اطمینان کا اظہار کیا گیا کمشنر نے افسران کی تعریف کی انھوں نے کوششوں کو مزید بہتر بنانے کی کوششوں پر زور دیا اجلاس میں سپر اسٹورز پر قائم کمشنر کراچی کاونٹرز کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنرز نے اپنے اپنے ضلع میں کمشنر کاونٹرز پر دستیاب اشیا کے معیار اور قیمتیں کنٹرول کرنے کے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی

بقیہ 21

اداروں کے اعلی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران یوم علی، رمضان کا آخری عشرہ، چاندرات اور عید الفطر کی مناسبت سے خصوصی سیکیورٹی لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کراچی میں موجودہ امن وامان کی صورتحال اور لا انفورسمنٹ ایجنسیز کی جانب سے عادی جرائم پیشہ افراد کے خلاف رینجرز اور پولیس کے مشترکہ آپریشن تیز کرنے اور شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ کے عمل کو مزید سخت بنانے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ دیئے گئے احکامات کی روشنی میں مروجہ قوانین اور ضابطہ اخلاق کی مکمل پاسداری کو ہر ممکن طور پر یقینی بنایا جائے گا۔ عوام سے بھی اپیل کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی شرپسند عناصر، مشکوک سرگرمی اور ناخوش گوار واقعہ کی فوری اطلاع تعینات رینجرز اہلکار، رینجرز ہیلپ لائن 1101 پر، رینجرز مددگار واٹس ایپ نمبر 03479001111 پر کال یا ایس ایم ایس کے ذریعے دیں۔

بقیہ 22

بیس منٹ کے اندر دکاندار کے موبائل اکاونٹ سے تین لاکھ روپے سے زائد رقم ٹرانسفر کرلی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے شہریوں کو سڑکوں پر لوٹنے والے جرائم پیشہ عناصر نے لوٹ مار کا نیا طریقہ اپنالیا۔ اس گروہ سے تعلق رکھنے والا ایک فرد کسی چلتی ہوئی کیش ٹرانسفر کی دکان پر گاہک بن کر جاتا ہے جبکہ اس کا ایک ساتھی قریب ہی اسٹارٹ موٹر سائیکل پر واردات مکمل ہونے کا انتظار کرتا ہے۔ گاہک کے روپ میں جانے والا بہروپیہ کوئی کیش ٹرانسفر کے لیے دکاندار کو نمبر بتاتا ہے۔ دکاندار جب نمبر اپنے مخصوص موبائل میں فیڈ کرلیتا ہے اور گاہک کو ری چیک کے لیے دکھاتا ہے تو وہ بہروپیہ نمبر کنفرم کرنے کا بہانہ کرکے دکاندار کا موبائل اپنے ہاتھ میں لے لیتا ہے۔ اور موبائل لے کر اپنے تیار کھڑے ہوئے ساتھی کے ساتھ فرار ہوجاتا ہے

بقیہ 23

ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کسی بھی شکل میں ہو ناقابل قبول ہے۔ چاہے وہ بندوق کے زور پر ہو بارود کے ذریعے ہو یا سوشل میڈیا کے ذریعے ہو۔ ایسا کوئی بھی عمل جو حب الوطنی معصوم پاکستانیوں کی سوچ اور عمل پر حملہ کرے، قابل مذمت ہے۔ مذہبی منافرت اور اور انتہاپسندی کے ذریعے سوچ اور عمل پر حملہ کرنا بھی دہشت گردی کی ایک شکل ہے۔ ہم ہر قسم کی دہشت گردی کو رد کرتے ہیں۔ بلوچستان میں جعفر ایکسپریس حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔

بقیہ 24

قیام امن کے لئے حکومت اصل عوام کے منتخب نمائندوں کے حوالے کی جائے، فارم 47 کی نااہل حکومت مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے فوری استعفیٰ دے۔ رضوان نیازی نے دہشتگردی کے مختلف حملوں میں شہید ہونے والے جوانوں عان شہریوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری افواج کے جوان مادرِ وطن کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کررہی ہیں، اور پوری قوم ان کی قربانیوں کی معترف ہے۔

بقیہ 25

المبارک کو ہوا جس میں اللہ تعالیٰ نے اسلام کو شاندار فتح سے نوازا اور کفر کی کمر توڑ کر رکھ دی۔ اس لئے 17 رمضان المبارک کو اللہ تعالیٰ نے یوم الفرقان کا نام دیا ہے۔ سینئر رہنما اسداللہ بھٹو ٹھٹھہ، صوبائی امیر کاشف سعید شیخ لاڑکانہ، جنرل سیکرٹری محمد یوسف ٹنڈو محمد خان میں یوم بدر کے حوالے سے منعقدہ اجتماع سے خطاب کریں گے۔

بقیہ 26

نے دہشتگردی کے واقعات میں شہید ہونے والے جوانوں اور عام شہریوں کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے شہدا کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، اور دہشتگردوں کے خلاف جاری آپریشن میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صدر ٹاؤن میں ریکارڈ ترقیاتی کام جاری ہیں اور پی ٹی آئی کے منشور کے مطابق علاقہ مکینوں کو تمام بنیادی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور اقدامات کیے جارہے ہیں تاکہ شہریوں کو بہتر اور معیاری سہولیات میسر آسکیں۔ منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے

بقیہ 27

کہا کہ سندھ کے وسائل، جزائر داؤ پر ہیں، اب دریا پر ڈاکہ ڈالا جارہا ہے، 14 مارچ دریاں کے عالمی دن پر صوبہ سندھ میں جمعہ نماز کے بعد کینالز کے خلاف ہر شہر اور گاں میں احتجاج کیا گیا۔ رمضان کے بعد گلی گلی اور محلوں محلوں میں سندھو بچاؤ اور سندھو بچاؤ عنوان کے تحت احتجاج ہوگا۔ جے یو آئی 6 اپریل کو عید کے فوراً بعد گڈو، سکھر اور کوٹری بیراج سمیت مختلف مقامات پر دھرنے دیئے جائیں گے۔ عید کے بعد سندھ بھر کے قبائلی سرداروں، سیاسی، مذہبی، قوم پرست سربراہوں پر مشتمل قومی جرگہ منعقد کیا جائے گا، دریائے سندھ پر سندھ کا حق ہے کوئی بھی ڈیم یا کینال سندھ کی اجازت کے بغیر نہیں بن سکتے۔ یہ منصوبے سندھ کے پانی پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے اور اس سے سندھ کی زمینیں بنجر ہو جائیں گی۔ جبکہ انڈس ڈیلٹا تباہ اور کراچی کو پانی کی کمی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہا کہ اس منصوبے کے خلاف جے یو آئی سندھ کی قیادت جو فیصلہ کرے گی کراچی کے تمام اضلاع اس پر لبیک کہتے ہوئے صف اول کا کردار ادا کریں گے۔ سندھ بھر میں بدامنی اور ڈاکو راج کی طرح صوبائی دار الحکومت میں بھی سفاک ڈکیت دندناتے پھر رہے ہیں اور اسٹریٹ کرائم کے دوران معصوم شہری نشانہ بن رہے ہیں، کراچی بھر خصوصا ضلع ساتھ ضلع کیماڑی اور ضلع غربی کے عوام بنیادی مسائل خصوصا پانی کی عدم دستیابی، ابلتے گٹر، گیس کی بندش اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے پریشان ہیں۔ رمضان المبارک کے دوران بھی بجلی وگیس کی بدترین لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار صاف پانی کی فراہمی معطل اور سیوریج کا سسٹم ناقص ہو چکا ہے۔ گٹر ابل ابل کر گلیوں میں گندگی کا باعث بن رہے ہیں۔ بجلی اور گیس کے بدترین بحران پر فوری قابو نہ پایا گیا تو عوامی احتجاج کا دائرہ کار وسیع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں امن وامان کی صورتحال انتہائی خراب ہے سکھر اور لاڑکانہ میں مغرب کے بعد لوگ گھروں سے نہیں نکلتے۔ کچے کے ڈاکوں کی سرپرستی پکے کے ڈاکو کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت عوامی مسائل کے حل کے لیے مربوط اقدام کرے۔

بقیہ 28

ارب روپے میں طے ہوئے۔ مارکیٹ کیپٹلائزیشن 384 ارب روپے سے بڑھ کر 14 ہزار 510 ارب روپے ہے۔ گزشتہ کاروباری ہفتے کے اختتام پر 100 انڈیکس 1 لاکھ 15 ہزار 536 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ 29

حکام کو آگاہ کردیا۔ اسپیشل پبلک پراسیکیوٹر نے متعلقہ حکام کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ کامران اصفر قریشی نے گزشتہ سماعت پر ملزم ارمغان کی پیشی کے بعد اے ٹی سی جیل کے کمرہ عدالت میں دھمکی دی۔

بقیہ 30

وزارت صحت نے پیر کے روز بتائی۔ اسرائیل نے یہ بمباری ثالث ملکوں کی مدد سے جاری جنگ بندی کے باوجود کی۔ فلسطینی حکام نے بتایا کہ اسرائیل فوج نے 19 جنوری سے جاری جنگ بندی کے باوجود درجنوں فلسطینیوں کو بمباری کر کے ہلاک کر دیا ہے۔ اسرائیلی فوج کا کہنا تھا کہ اس نے اپنے لیے موجود دہشت گردی کے خطرات کو روکنے کے لیے بمباری کی ہے۔

بقیہ 31

افراد جاں بحق ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس بات کی حوثی وزارت صحت نے تصدیق کی۔ امریکا نے یمن میں حملے جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے، ساتھ ہی حوثیوں کو بحری جہازوں پر حملے بند کرنے کے حوالے سے وارننگ بھی دی ہے۔ یمن پر یہ حملے امریکی صدر ٹرمپ انتظامیہ کی مشرقِ وسطی میں سب سے بڑی فوجی کارروائی ہے۔ روس کی جانب سے امریکا کو حملے روکنے اور مذاکرات شروع کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ دوسری جانب ایران کی جانب سے کسی بھی خطرے کی صورت میں سخت ردِعمل کا عندیہ دیا گیا ہے۔ حوثیوں کی جانب سے بحیرہ احمر میں اسرائیلی جہازوں کو نشانہ بنانے کی دھمکی دی گئی ہے۔

بقیہ 32

وزیراعظم کی زیرصدارت وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے امور پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں اظہارخیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، حکومت ملک میں زرعی شعبے کی ترقی اور زرعی پیداوار بڑھانے کے حوالے سے تمام سہولیات مہیا کرے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ زرعی شعبے کی ترقی کے لئے ملک بھر سے نوجوان زرعی محققین کی خدمات حاصل کی جائیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ غیر معیاری زرعی بیج کا کاروبار کرنے والی کمپنیوں کے خلاف جلد از جلد سخت کارروائی یقینی بنائی جائے۔ وزیراعظم نے پاکستان میں خوردنی تیل کی پیداوار کے حوالے سے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی تاکہ خوردنی تیل کی درآمد پر خرچ ہونے والا قیمتی زرمبادلہ بچایا جاسکے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پی اے آر سی میں تحقیقاتی کام کو جلد فعال کیا جائے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ صوبائی حکومتوں، نجی شعبے اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر پورے ملک میں فارم میکانائزیشن کو فروغ دیا جائے۔ شہبازشریف نے ہدایت کی کہ پھلوں اور سبزیوں کی پیداوار کے حوالے سے ویلیو ایڈیشن کے لئے نوجوانوں کی تربیت اور انہیں آسان زرعی قرضوں کی فراہمی کے حوالے سے اقدامات اٹھائے جائیں۔ وزیراعظم نے پاسکو کو ختم کرنے کے حوالے سے تمام تر ضروری امور جلد از جلد نمٹانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے زرعی اجناس کی برآمدات کے حوالے سے کھیت سے لے کر پورٹ تک پوری سپلائی چین کو ڈیجیٹائز کرنے کے حوالے سے حکمت عملی تیار کرنے پر اظہار اطمینان کیا۔ اجلاس کو زرعی برآمدات بڑھانے کے حوالے سے حکمت عملی پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ نیشنل ایگری ٹریڈ اینڈ فوڈ سیفٹی اتھارٹی کا قیام حتمی مراحل میں ہے۔ بتایا گیا کہ زرعی اجناس کی ٹیسٹنگ کے حوالے سے یورپی یونین اور بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ لیبارٹری یونیورسٹی آف کراچی کے ایچ ای جے سینٹر میں قائم کی جاچکی ہے۔ بتایا گیا کہ زرعی شعبے میں وفاق اور صوبوں کے درمیان ہم آہنگی بڑھانے کے حوالے سے نیشنل منسٹیریل فورم آن ایگری کلچر تشکیل دیا جاچکا ہے۔ بتایا گیا کہ بیج، ایگری کلچر بائیوٹیکنالوجی اور آرگینک فوڈ کے حوالے سے قومی پالیسوں کے مسودے منظوری کے مختلف مراحل میں ہیں۔ اجلاس میں وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، ، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب، وزیراعظم کے مشیر ڈاکٹر توقیر شاہ، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد لنگڑیال اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 33

کمپلیکس حملہ کیسز میں مسلسل غیر حاضری پر پی ٹی آئی رہنما مراد سعید، حماد اظہر اور فرخ حبیب کو اشتہاری قرار دے دیا۔ اے ٹی سی کے جج طاہر عباس سپرا نے پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف کیسز پر سماعت کی۔ عدالت نے پی ٹی آئی رہنما واثق قیوم عباسی اور راجہ بشارت سمیت متعدد غیر حاضر ملزمان کے وارنٹ گرفتاری بھی جاری کردیے۔ عدالت نے دستیاب ملزمان کی حاضری کے بعد دونوں کیسز پر مزید سماعت 7 اپریل تک ملتوی کردی۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف تھانہ رمنا میں 2 مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 34

10 سال قید اور 60 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے کالعدم تنظیم کے لیے چندہ اکٹھا کرنے میں گرفتار ملزم کے مقدمے کی سماعت کی، جس میں جرم ثابت ہونے پر ملزم کو 10 سال قید اور 60 ہزار روپے جرمانہ کردیا گیا۔ دوران سماعت پراسیکوشن نے دلائل میں بتایا کہ ملزم فہیم خان پر کالعدم تنظیم کے لیے چندہ اکٹھا کرنے کا الزام تھا۔ ملزم کو سی ٹی ڈی پولیس نے 22 اگست 2023 کو حراست میں لیا تھا۔ ملزم کے خلاف دہشت گردی اور ریاست مخالف سرگرمیوں کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ پراسیکوشن کے مطابق تحقیقات مکمل ہونے کے بعد ملزم کے خلاف ٹرائل شروع کیا اور جرم ثابت ہونے پر عدالت نے ملزم کو 10 سال قید اور 60 ہزار روپے جرمانہ کردیا۔

بقیہ 35

نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کے جو تحفظات تھے اس کو دیکھا ہے، تعطل ضرور آیا تھا، اب چیزیں بہتر ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی ہر مخالفت کے باوجود مذاکرات کی ٹیبل پر بیٹھی تھی، پی ٹی آئی ملکی سلامتی کے حوالے سے میٹنگ میں شریک ہوگی۔ شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ نئی نسل کو اپنے حقوق کا پتہ ہے اور انہیں اپنی طاقت کا اندازہ بھی ہے، اغواء کیے گئے نوجوان جن کے پاس بھی ہیں انہیں رہا کیا جائے۔ انہوں نے خدشے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کے جعلی پیج بنائے گئے ہیں انہیں اٹھایا گیا ہے، اغوا کیے گئے نوجوانوں پر کہیں تشدد نہ کیا جا رہا ہو۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی وقت کی ضرورت ہے۔ شیخ وقاص اکرم نے کہا ایک نوجوان حیدر سعید ہماری آفیشل ٹیم کا حصہ نہیں لیکن ہر احتجاج میں شریک ہوتا ہے، لوگوں پر ایف آئی آر کٹوائیں، تحقیقات کریں لیکن گھروں سے لوگوں کو اٹھانا غلط ہے۔

بقیہ 36

ملک میں بے روزگار افراد کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کر دیں۔ پیر کو قومی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ وقفہ سوالات میں وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے ملک میں بیروزگار افراد کی تفصیلات پیش کرتے ہوئے بتایا کہ بیروزگار افراد کی اصل تعداد کے تعین کیلئے 2021 کے بعد سروے ہی نہیں ہوا، 2021 کے سروے کے مطابق بے روزگاری کی شرح 6.3 فیصد ہے، ملک میں بے روزگار افراد کی تعداد 2021 میں 45 لاکھ 10 ہزار تھی۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ ملازمت کرنیوالی افرادی قوت 6 کروڑ 72 لاکھ افراد ہیں۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے قومی اسمبلی کا ہال پارلیمانی کمیٹی برائے قومی سلامتی کے اجلاس کیلئے استعمال کرنے کی تحریک پیش کی جسے منظور کرلیا گیا۔

بقیہ 37

ہوگئے، ماڑی انرجیز لمیٹڈ نے شمالی وزیرستان سیگیس اور تیل کی دوسری دریافت کا اعلان کردیا۔ ماڑی انرجیز لمیٹڈ کے مطابق دریافت سے 2 کروڑ 5 لاکھ مکعب فٹ یومیہ گیس اور 117 بیرل خام تیل حاصل ہوگا۔ ماڑی انرجیز کے مطابق گیس اور تیل کی دریافت وزیرستان بلاک سے ہوئی، دریافت سے یومیہ 2 کروڑ 5 لاکھ مکعب فٹ گیس اور یومیہ 117 بیرل خام تیل بھی حاصل ہوگا۔ واضح رہے کہ ماڑی انرجیز نےگزشتہ ماہ وزیرستان بلاک سےگیس اور تیل کی دریافت کا اعلان کیا تھا، پہلی دریافت سیا یک کروڑ 30 لاکھ مکعب فٹ یومیہ گیس حاصل ہونے کا تخمینہ لگایا گیا تھا۔ پہلی دریافت سے ابتدائی طور پر یومیہ 20 بیرل خام تیل حاصل ہونیکا تخمینہ لگایا گیا تھا، ماڑی انرجیز کا سابقہ نام ماڑی پیٹرولیم تھا۔

بقیہ 38

ایریا کا استقبال ناقابل یقین تھا، جو 1986 کی ایم کیو ایم کی تاریخ کو یاد دلاتا ہے جب کارکنان اور عوام کا جوش و جذبہ عروج پر تھا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ آج کا استقبال ایم کیو ایم کے عروج کی علامت ہے، اور ایسا لگ رہا ہے جیسے وہ وقت واپس آ گیا ہو، جب کارکنان نے اپنے قائد کا پرتپاک استقبال کیا تھا۔ انہوں نے بلوچستان میں ہونے والے افسوسناک دہشت گرد حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ نوشکی میں ایک بار پھر دہشت گردی کا واقعہ ہوا، اس حملے میں غیر ملکی دہشت گردوں کا ہاتھ ہے، ایک مہینے سے کہہ رہا ہوں واقعات میں بھارتی دہشت گردوں کا ہاتھ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ غیر ملکی قوتیں پاکستان کی ترقی میں رکاوٹ ڈالنا چاہتی ہیں، مگر کراچی کے غیور نوجوان ان کا مقابلہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ گورنر سندھ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان اس مشکل وقت سے نکلے گا، اور سندھ کے عوام کو متحد ہو کر اپنی افواج پاکستان کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنا ہوگا۔ انہوں نے ایم کیو ایم پاکستان کی طرف سے ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کے حق پرست گورنر کی حیثیت سے کام کرنے کی تعریف کی اور کہا کہ پورا پاکستان اور صوبہ سندھ ان کے کام کو سراہ رہا ہے۔ انہوں نے سابق حکومتی دعوؤں کا بھی ذکر کیا کہ کچھ لوگ ایک لاکھ نوکریاں دینے کا وعدہ کرتے تھے، مگر ایسا کچھ نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان نے اختیار نہ ہونے کے باوجود ہزاروں لوگوں کو آئی ٹی کورسز فراہم کیے، راشن تقسیم کیا اور افطار کی تقاریب کا اہتمام کیا۔ گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے مزید کہا کہ جب تک وہ اس منصب پر ہیں، وہ رات دن کام کرتے رہیں گے اور ایف بی ایریا کے عوام کی خدمت کے لیے اپنی تمام توانائیاں صرف کریں گے۔ اس موقع پر ایم کیو ایم پاکستان کے کنوینر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے خطاب کرتے ہوئے 2018 کے انتخابات میں دھاندلی کے ذریعے انہیں ہرانے والوں کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ وہ لوگ جو دھاندلی کے ذریعے ان سے مقابلہ کرنے آئے تھے، آج وہ خود ہمت ہار چکے ہیں اور اس شہر کو بھی ہار چکے ہیں۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کراچی کا نصیب اور مقدر واپس لوٹایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس شہر میں ہر مصنوعی طریقہ اختیار کیا گیا تاکہ شہر کی ترقی روکی جاسکے، لیکن وہ سازشیں ناکام ہوچکی ہیں۔

بقیہ 39

ٹانک کے ڈپٹی کمشنرز کی جانب سے کرفیو کے نوٹیفکیشنز جاری کئے گئے تھے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق صبح 6 سے شام 6 بجے تک تمام راستے بند رہیں گے، زالئی تا نیو کیڈٹ کالج وانا سڑک بند رہے گی، تنائی، سروا کئی، جنڈولہ کا ور قلعہ روڈ بند رہے گا، احمد وام سے کوٹکئی تک راستے بند رہیں گے۔ جاری نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ بی بی رغزئی سے جنڈولہ تک سڑک بند رہے گی، ان راستوں پر ہر قسم کی نقل وحرکت پر مکمل پابندی عائد ہے، مسافروں کو متبادل راستے اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ وانا گومل زام روڈ مسافروں کیلئے کھلا رہے گا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق ٹانک میں بھی کرفیو نافذ ہوگا، جنڈولہ ٹانک وانا جنوبی وزیرستان شاہراہ بند رہے گی۔

بقیہ 40

پر گفتگو کی گئی۔ ذرائع کے مطابق معروف مذہبی اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک نے جاتی امراء میں سابق وزیراعظم نواز شریف سے ملاقات کی۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک نے رمضان کے دوسرے عشرے کی فضیلت بیان کی۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے موجودہ حالات میں امت کی بہتری کے لیے ممکنہ اقدامات پر بھی غور کیا۔ سابق وزیراعظم نواز شریف نے ڈاکٹر ذاکر نائیک کی عالمی سطح پر دینی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ اسلام کی تبلیغ اور تفہیم میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک مختصر قیام کے بعد جاتی امراء سے واپس روانہ ہوگئے۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال اکتوبر میں بھی نواز شریف سے ڈاکٹر ذاکر نائیک نے ملاقات کی تھی۔ اس مرتبہ ڈاکٹر ذاکر نائیک حکومتِ پاکستان کی دعوت پر پاکستان کے دورے پر تھے۔

بقیہ 41

درآمد کرنے کا انکشاف کیا گیا ہے۔ وزیر تجارت نے بتایا کہ مارچ 2024 سے جنوری 2025 تک 3 ہزار 140 میٹرک ٹن چینی درآمد کی گئی، چینی کی درآمد پر 3 ملین ڈالرز سے زائد رقم خرچ ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ چینی ملائشیا جرمنی، تھائی لینڈ، یو اے ای، امریکا، برطانیہ، ڈنمارک، چین فرانس، سوئٹزرلینڈ اور جنوبی کوریا سے درآمد کی گئی جب کہ پاکستان نے بھارت سے بھی 50 ہزار ٹن چینی درآمد کی۔

بقیہ 42

آئی جی ٹریفک اور کمشنرز کو کرایہ بڑھانے والوں کے خلاف فوری ایکشن لینے کی ہدایات جاری کر دیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ عید پر عوام کو اضافی مالی بوجھ سے بچانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا ہے کہ زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی اور کسی کو عوام کا استحصال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹرانسپورٹ مالکان کو متعین کردہ کرایوں پر عمل درآمد یقینی بنانا ہوگا۔ شرجیل میمن نے یہ بھی کہا کہ کوئی ٹرانسپورٹرز زائد کرایہ لے تو عوام فوری طور پر شکایت درج کروائیں۔

بقیہ 43

ہفتے اسلام آباد ہائیکورٹ میں دائر کیا جائے گا۔ میڈیا کے مطابق بیرسٹر سلمان صفدر نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کی جانب سے سزا معطلی کی درخواستیں تیار کی ہیں۔ عمران خان اور بشریٰ بی بی کی جانب سے درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ نیب نے بدنیتی سے اپنے اختیارات کا غلط استعمال کیا، نامکمل تفتیش کی بنیاد پر جلد بازی میں سزا سنائی گئی۔ درخواست میں کہا گیا کہ نیشنل کرائم ایجنسی سے معاہدے کا متن حاصل نہ کرنا تفتیشی ایجنسی کی ہچکچاہٹ کو واضح کرتا ہے، این سی اے حکام کو شامل تفتیش بھی نہیں کیا گیا۔ درخواست میں کہا گیا کہ استغاثہ مکمل شواہد پیش کرنے میں ناکام رہا ہے، وہ عدالت کو یقینی دہانی کراتے ہیں کہ سزا معطلی کے بعد اپیل کی ہر سماعت میں موجود ہوں گے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ 17 جنوری کو سنائی جانے والے سزا معطل کر کے ضمانت پر رہائی دی جائے، مرکزی اپیل کے حتمی فیصلے تک فیصلہ اور سزا معطل کیے جائیں

بقیہ 44

پی ٹی آئی کے 16 افراد کو 18 مارچ کو جے آئی ٹی کے سامنے پیش ہونے کے نوٹس جاری کیے گئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فردوس شمیم نقوی، خالد خورشید، میاں اسلم اقبال، حماد اظہر، عون عباس، شہباز شبیر، وقاص اکرم اور تیمور سلیم کو جے آئی ٹی کے سامنے پیش ہونے کا نوٹس دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق صبغت اللہ ورک، اظہر مشوانی، نعمان افضل، جبران الیاس کو بھی جے آئی ٹی کے سامنے دوبارہ طلب کیا گیا ہے جبکہ سلمان رضا، ذلفی بخاری، موسیٰ ورک اور علی ملک کو بھی طلبی کے نوٹس جاری کیے گئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کے بیرسٹر گوہر، رؤف حسن اور شاہ فرمان جی آئی ٹی کے سامنے پیش ہوچکے ہیں۔ جے آئی ٹی نے علیمہ خان کو بھی 19 مارچ کو طلبی کا نوٹس جاری کر رکھا ہے۔ ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان 14 مارچ کو طلبی کے باوجود پیش نہیں ہوئی تھیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کے افراد کے خلاف ریاست مخالف پروپیگنڈے کے حوالے سے تحقیقات کی جارہی ہیں۔ ذرائع کے مطابق الیکٹرونک جرائم کی روک تھام کے ایکٹ 2016 کے سیکشن 30 کے تحت جے آئی ٹی تشکیل دی گئی تھی، جے آئی ٹی انسپکٹر جنرل پولیس اسلام آباد کی سربراہی میں تحقیقات کررہی ہے۔

بقیہ 45

نے تاج کمپلیکس کے قریب کارروائی کرتے ہوئے کالعدم تحریک طالبان پاکستان الخوارج سے تعلق رکھنے والے اہم کارکن کو گرفتار کرکے اسلحہ برآمد کرلیا۔ انچارج سی ٹی ڈی، ڈی ایس پی راجہ عمر خطاب کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم خلیل الرحمٰن کا تعلق نور ولی اللہ گروپ سے ہے، ملزم نے گزشتہ سال دسمبر 2024 میں ٹی ٹی پی الخوارج کمانڈر مصباح کے حکم پر قائداعظم کے مزار اور کراچی کے مختلف علاقوں کی ویڈیو بنا کر افغانستان بھیجی تھی اور سوشل میڈیا پر وائرل کی تھی اور دھمکی دی تھی کہ ہم کراچی آ گئے ہیں

بقیہ 46

میں کہا کہ ملازمین کے الاؤنسز اور پے اسکیل پر نظر ثانی کی تجویز بھی نہیں ہے جبکہ وفاقی سرکاری ملازمین کی پنشن میں بھی اضافے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ملازمین کے لیے ہائرنگ اور سیلنگ کی حد بڑھانے کا معاملہ زیر غور ہے۔ دریں اثنا وزیر خزانہ نے گزشتہ 5 سال کے دوران غیر ملکی قرضوں اور واجبات کی تفصیلات بھی ایوان میں پیش کردیں۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ جون 2023 تک پاکستان کے غیر ملکی قرضوں اور واجبات کی کل رقم 126 ارب 14 کروڑ ڈالرز تھی، یہ غیر ملکی قرضہ جی ڈی پی کا 43.03 فیصد ہے۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ مالی سال 2024 میں پاکستان نے 11 ارب 47 کروڑ 50 لاکھ ڈالر غیر ملکی قرضہ واپس کیا۔ دریں اثنا وزیر خزانہ نے قومی اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حکومت آئی ٹی اور زراعت کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے کے لیے پُرعزم ہے جبکہ جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹائزیشن کے ذریعے ٹیکس نظام کو موثر بنارہے ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کی بہتری کے لیے اقدامات کررہے ہیں، نیا آسان ٹیکس ریٹرن نظام ستمبر میں نافذ کردیا جائے گا، حکومت ایف بی ٹی جیسے کاروباری اداروں کی مکمل معاونت جاری رکھے گی۔ وزارت خزانہ نے وضاحت کی ہے کہ وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کی کسی تجویز کے فی الوقت زیر غور نہ ہونے بارے کوئی بیان نہیں دیا۔ جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے قومی اسمبلی کے فلور پر خطاب کرتے ہوئے ایسا کوئی اعلان کیا نہ ہی بیان دیا ہے، اس حوالے سے ان سے منسوب نشر کی جانے والے خبریں حقیقت پر مبنی نہیں ہیں۔ وزارت خزانہ نے اپنی وضاحت میں کہا ہے کہ وزیر خزانہ کے خطاب میں سرکاری ملازمین کے پے اسکیلز پر نظر ثانی یا ان کی تنخواہوں کے حوالے سے کوئی بات نہیں کی گئی۔ وزارت خزانہ نے تحریری طور پر ایک معزز رکن اسمبلی کی جانب سے سوال اٹھائے جانے پر معزز ایوان کو صورت حال سے آگاہ کیا۔ وزارت خزانہ نے ایوان کو آگاہ کیا کہ فی الوقت اگلے مالی سال کیلئے وفاقی حکومت کے ملازمین کے پے سکیلز پر نظر ثانی اور تنخواہوں اور الاؤنسز میں خاطر خواہ اضافے کی تجویز زیر غور نہیں ہے۔

بقیہ 47

تجویز دی۔ شہباز شریف نے امریکی کمپنی کے پاکستان کے آئی ٹی شعبے میں مزید سرمایہ کاری میں دلچسپی کا خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ آئی ٹی شعبے کی افرادی قوت میں عالمی مارکیٹ میں کام کرنے کی استعداد موجود ہے۔ وزیراعظم نے قومی اور بین الاقوامی صارفین کیلئے پاکستان میں عالمی معیار کا کال سینٹر قائم کرنے کی تجویز دی۔ انہوں نے کہا کہ وہ نوجوانوں کو آئی ٹی، اے آئی اور دیگر جدید تکنیکی صلاحیتوں سے لیس کرنے کے پروگرام کی خود نگرانی کر رہے ہیں، آئی ٹی شعبے میں 25 ارب ڈالر کی برآمدات کے ہدف کے حصول کے لیے آئی ٹی کمپنیوں کو تمام سہولیات فراہم کی جارہی ہیں

بقیہ 48

کارروائی سے حملہ پسپا کر دیا گیا۔ ڈی پی او لکی مروت جواد اسحاق کے مطابق پولیس نے بڑے حملے کو بروقت کارروائی کے ذریعے ناکام بنا دیا اور حملہ آور بھاری ہتھیاروں کی مدد سے فرار ہوگئے۔ پشاور میں بھی پولیس چوکی ملازئی پر دہشت گردوں نے دستی بم سے حملہ کیا جبکہ خیبر پولیس چوکی بائی پاس روڈ پر دہشت گردوں نے فائرنگ کی جس کے نتیجے میں دو اہلکار زخمی ہو گئے۔ پولیس کی جوابی کارروائی میں حملہ آور زخمی حالت میں فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، زخمی اہلکاروں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ اسی دوران جمرود ایف سی چیک پوسٹ پر بھی شدت پسندوں نے حملہ کیا، ایف سی باڑہ رائفلز کی جوابی فائرنگ کے بعد حملہ آور اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے۔ سیکیورٹی فورسز نے ضلع خیبر میں ایک کارروائی کے دوران تین خوارج کو ہلاک کردیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 17 مارچ 2025 کو سیکیورٹی فورسز نے خیبر ضلع کے جنرل ایریا تور درہ میں خوارج کی موجودگی کی اطلاعات پر انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران اپنی فورسز نے خوارج کے مقام پر موثر طریقے سے کارروائی کی جس کے نتیجے میں فائرنگ کے شدید تبادلے میں 3 خوارج ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک ہونے والے خوارج سے ہتھیار اور گولہ بارود برآمد ہوا جبکہ مارے جانے والے دہشت گرد مختلف تخریبی کارروائیوں میں ملوث تھے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق علاقے میں کسی بھی دوسرے خوارج کی موجودگی کو ختم کرنے کیلئے سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے، پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 49

تحقیقاتی ادارے کے مطابق ملزم نے جعفر ایکسپریس واقعے پر منفی پراپیگنڈہ اور تضحیک آمیز مواد شیئر کیا تھا۔ ترجمان نے بتایا ہے کہ ملزم سوشل میڈیا پر کالعدم تنظیموں کی حمایت اور تشہیر میں ملوث ہے۔ ملزم کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس اور ڈیجیٹل شواہد قبضے میں لے لیے گئے ہیں۔

بقیہ 50

اعلان کریں گے۔ وزارت کا چارج سنبھالنے کے بعد علی پرویز ملک نے لاہور میں کوٹ خواجہ سعید اسپتال کا دورہ کیا، اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ حکومت لوگوں کیلئے آسانیاں پیدا کرے گی جو سیاست چمکانے کی کوشش کرے گا اسے منہ کی کھانا پڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف نے معیشت کی بحالی کیلئے وزیراعظم کی کاوشوں کو سراہا ہے، وزیراعظم شہباز شریف مسائل کے حل کیلئے سب کی طرف ہاتھ بڑھائیں گے۔ وزیر پیٹرولیم کا کہنا تھا کہ پیٹرول کا پیسہ اور وسائل بجلی کی قیمت کم کرنے پر لگائیں گے اور وزیراعظم جلد بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا اعلان کریں گے۔ دہشتگردی سے متعلق بات کرتے ہوئے وزیر پیٹرولیم کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کا ناسور دوبارہ سر اٹھا رہا ہے، جس کے خلاف قوم کو اکٹھا ہونا ہوگا، اس مقصد کیلئے پی سی کے انعقاد پر بحث جاری ہے جب کہ پاک فوج کے جوان مشکل مرحلے میں ہمارا دفاع کر رہے ہیں۔

بقیہ 51

سرحد تک نہیں آئی۔ پیر کو اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کی زیر صدارت قومی اسمبلی اجلاس میں وقفہ سوالات کا سیشن ہوا جس میں مختلف وزارت نے سوالات کے تحریری جوابات پیش کیے۔ وزیر تجارت نے پاک ایران گیس پائپ لائن کے سلسلے میں اہم پالیسی بیان دیتے ہوئے کہا کہ ایران کی طرف سے پاکستان کی سرحد تک گیس پائپ لائن پہنچانے کا بیان درست نہیں، ایران نے پاکستان کی طرف گیس پائپ لائن اپنے ایک خاص علاقے تک ضرور بچھائی ہے لیکن پائپ لائن پاکستان کی سرحد تک نہیں آئی۔ انہوں نے کہا کہ ایران پر عالمی پابندیوں سے سب آگاہ ہیں، امریکا یک طرفہ طور پر پابندیاں لگاتا ہے، یہ پابندیاں عالمی قوانین کے مطابق نہیں لگائی جاتیں مگر ہماری عالمی تجارت میں 65 فیصد صرف امریکا و یورپ کے ساتھ ہے، ہمیں اپنی تجارت کو عالمی تجارت کے تناسب سے دیکھنا ہوتا ہے۔ وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ نے کہا کہ امریکی امداد کی معطلی سے پاکستان کی معاشی وسماجی ترقی پر کافی اثرات مرتب ہونگے، فنڈز بند ہونے سے اہم شعبوں میں ہونے والی پیش رفت میں خلل کا خطرہ ہے، ایس ڈی جیز کے اہداف کے حصول میں تاخیر ہوسکتی ہے

بقیہ 52

پوڈکاسٹر لیکس فریڈمین کے ساتھ پوڈکاسٹ کے دوران بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے ریمارکس سے متعلق میڈیا کے سوالات کے جواب میں ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ کشمیر سے متعلق مودی کے تبصرے گمراہ کن اور یکطرفہ ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ وہ مقبوضہ کشمیر کے تنازع کو آسانی سے نظرانداز کردیتے ہیں، جو بھارت کی جانب سے گزشتہ 7 دہائیوں سے اقوام متحدہ، پاکستان اور کشمیری عوام کو یقین دہانیوں کے باوجود حل طلب ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا مظلومیت کا فرضی بیانیہ پاکستان کی سرزمین پر دہشت گردی کو ہوا دینے اور مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے مظالم اور بھارت کے ریاستی جبر کو چھپا نہیں سکتا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارت کو دوسروں کو موردالزام ٹھہرانے کے بجائے بیرون ممالک میں ٹارگٹ کلنگ، تخریب کاری اور دہشت گردی کے اپنے ریکارڈ پر غور کرنا چاہیے

بقیہ 53

خواجہ آصف سے سوال کیا گیا کہ اپوزیشن سیکیورٹی لیپس کی ذمے دار آپ کو قرار دے کر استعفے کا مطالبہ کررہی ہے؟ اس پر خواجہ آصف نے جواب دیا کہ میرے استعفے سے معاملہ حل ہوتا ہے تو میں حاضر ہوں۔ واضح رہے کہ چند روز قبل اپوزیشن اتحاد نے مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے جعفر ایکسپریس میں ہونے والی دہشت گردی کے افسوسناک واقعے کو بڑا سکیورٹی لیپس قرار دیتے ہوئے وزیر داخلہ، وزیر دفاع اور وزیر اطلاعات سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا تھا۔

بقیہ 54

جنازہ شکارپور میں آج (منگل) صبح ادا کی جائے گی۔ وہ کئی ماہ سے پھیپھڑوں کے عارضے میں مبتلا تھے۔ انھیں سانس لینے میں تکلیف کا سامنا تھا جس کے لیے وہ متعدد بار مختلف اسپتالوں میں داخل بھی ہوئے تھے۔ انھیں کراچی بھی لایا گیا تھا۔ گزشتہ برس بھی نصیر سومرو کو کراچی لایا گیا تھا اور وہ نجی اسپتال میں زیرعلاج رہے تھے۔ صحت بہتر ہونے پر وہ آبائی علاقے روانہ ہوگئے تھے۔ تاہم چند ماہ سے ان کی مزید خراب ہوگئی تھی ان کا علاج کیا جارہا تھا لیکن وہ جانبر نہ ہوسکے۔ دراز قد ہونے کے باعث پوری دنیا میں نصیر سومرو نے پاکستان کا نام روشن کیا تھا۔ جس پر کو حکومت نے انھیں قومی ایئرلائن میں ملازمت بھی دی تھی۔

بقیہ 55

کلوگرام منشیات برآمد کرلی۔ ناظم آباد کراچی میں ایک ملزم کے قبضے سے 2 کلوگرام چرس برآمد کی گئی، جبکہ گرفتار ملزم نے تعلیمی اداروں کے طلباء کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا۔ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر دوحہ جانے والے مسافر کے ٹرالی بیگ میں چھپائی گئی 1.172 کلوگرام آئس برآمد کر لی گئی۔ کولاچی روڈ کراچی کے قریب جرمنی سے آنے والے کنٹینر سے 460 کلوگرام کیٹا مائن برآمد ہوئی۔ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ کے قریب ٹرک اور موٹر سائیکل سے 51.6 کلوگرام چرس اور 4.8 کلوگرام افیون برآمد کرکے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ایم ون موٹروے اسلام آباد کے قریب گاڑی میں چھپائی گئی 60 کلوگرام چرس برآمد ہوئی جبکہ 2 ملزمان کو حراست میں لے لیا گیا۔ شمالی بائی پاس پشاور میں چارسدہ روڈ کے قریب ایک ملزم سے 6 کلوگرام چرس برآمد ہوئی۔ ایم ون موٹروے اسلام آباد کے قریب ایک خاتون سے 1.9 کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔ اسی موٹروے کے ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب ایک اور کارروائی میں مسافر بس میں سوار ملزم کے جوتوں سے 600 گرام چرس برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ 56

یرغمال بنالیا گیا۔ ملک میں بھارتی را اور امریکی سی آئی اے آزادانہ طریقے سے کام کررہی ہیں۔ اس پورے عمل نے حکومت پاکستان کے لیے داخلی تحفظ اور حکومتی رٹ پر سوالیہ نشان بنادیا ہے۔ ارباب اختیار کو پیغام دینا چاہتے ہیں جب تک وہ اپنے فیصلے درست نہیں کریں گے عوام اور فوج کے درمیان فاصلے بڑھتے رہیں گے اور حکمران طبقہ جب تک زبردستی مسلط ہوتا رہے گا مسائل حل نہیں ہوں گے۔ اسٹیبلشمنٹ اور تمام ادارے اپنی اپنی آئینی ذمہ داری پوری کریں۔ عوام کے حقیقی نمائندوں کو آگے آنے دیں عوام ان کا ساتھ دیں گے۔ وزیراعظم کہتے ہیں کہ مہنگائی کی شرح کم ہوگئی ہے وہ عوام کو بتائیں کہ مہنگائی پاکستان کے کس حصے میں کم ہوگئی ہے، اس صورتحال میں پوری قوم کو متحد اور متفق ہوکر ان حکمرانوں سے جان چھڑانا ہوگی جنہوں نے ملک پر قبضہ کیا ہوا ہے۔ عید کے بعد ”حق دو عوام کو“ تحریک ایک بار پھر شروع کریں گے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت فارم 47 کی پیداوار ہے جو اسٹیبلشمنٹ کے سہارے اقتدار میں ہے، کراچی کے عوام نے پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم کو یکسر مسترد کردیا لیکن ان مسترد شدہ پارٹیوں کو ہمارے سروں پر بٹھادیا۔ بلدیاتی انتخابات میں بھی کراچی کے عوام نے جماعت اسلامی کو کراچی کی نمبر ون پارٹی بنایا۔ کراچی میں میئر یقینی طور پر جماعت اسلامی کا بننا تھا لیکن پیپلز پارٹی نے اسٹیبلشمنٹ کے تعاون سے زبردستی میئر شپ پر قبضہ کیا۔ جماعت اسلامی کے 9 ٹاؤن چیئرمین ہیں لیکن ان کو سندھ حکومت کی جانب سے فنڈ نہیں ملتے۔ صورتحال یہ ہی رہی تو قابض میئر کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لائیں گے

بقیہ 57

ملوث 2 انسانی سمگلرز کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے مطابق گجرات اور کوٹ مومن میں کارروائی کر کے مراکش کشتی حادثے میں ملوث 2 انسانی سمگلرز اجمل اور ذوالفقار کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ایف آئی اے نے بتایا ہے کہ ملزم اجمل مراکش کشتی حادثہ کیس کے مرکزی ملزم فہدی گجر کا قریبی ساتھی ہے۔ ایف آئی اے نے بتایا کہ ملزم ذوالفقار 2015 سے ایف آئی اے کو مطلوب ہے۔

بقیہ 58

ہے، ایجوکیشن میں گورننس، معیار اور بچوں کی اسکول تک آسان رسائی ہونی چاہیے۔ وزیرِ تعلیم سید سردار شاہ نے بتایا کہ اسکول انتظامیہ کو انتظامی اختیارات دے رہے ہیں۔ مراد علی شاہ نے ہدایت کی کہ ہر ہیڈ ماسٹر کو براہِ راست فنڈز دیے جائیں تاکہ اسکول بہتر کرسکیں، ہیڈ ماسٹر کو نئے مالی سال سے براہِ راست ڈی ڈی او پاور دی جائیں۔ وزیرِ اعلیٰ سندھ کا کہنا ہے کہ تمام اسکولوں کا اپنا بجٹ ہوگا اور وہ خود خرچ کرسکیں گے۔ اجلاس میں وزیر تعلیم سید سردار شاہ، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، محتسب سندھ سہیل راجپوت، وزیراعلیٰ سندھ کے پرنسپل آغا واصف، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ) پی اینڈ ڈی (نجم شاہ، سیکریٹری اسکول ایجوکیشن زاہد عباسی، سیکریٹری خزانہ فیاض جتوئی اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اندراج کے اعداد و شمار: وزیر اعلیٰ سندھ کو بتایا گیا کہ صوبے میں 40,990 اسکول ہیں جن میں 36,300 پرائمری اسکول، 2,600 ایلیمنٹری اسکول، 1,600 سیکنڈری اسکول اور 490 ہائیر سیکنڈری اسکول شامل ہیں۔ تمام اسکولوں میں موجودہ اندراج 5.2 ملین ہے، جس میں تقریبا 3.09 ملین لڑکے 59) فیصد (اور 2.12 ملین لڑکیاں 41) فیصد (ہیں۔ وزیر تعلیم نے بتایا کہ اسکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد 7.8 ملین ہے

بقیہ 59

المعروف اظہر کے نام سے ہوئی، عبدالرزاق افغانستان کے صوبہ پکتیا کے ضلع زرمت میں کالا گو بازار کا رہائشی تھا۔ حملے میں افغان دہشت گرد انصار اللہ المعروف طیب بھی مارا گیا، خودکش حملہ آور انصار اللہ کا تعلق افغانستان کیعلاقے میدان سحرورد گ سے تھا، حملے میں ملوث پانچواں دہشتگرد عتیق اللہ بھی افغان شہری ہے۔ ذرائع تفتیشی ٹیم کے مطابق ہلاک دہشت گرد عتیق اللہ صافی کابل پل چرخی کا رہائشی تھا، سیکیورٹی ادارے بنوں کینٹ حملے کی مزید تحقیقات کر رہے ہیں۔

بقیہ 60

میں لوگوں نے ٹوٹے ہوئے تاروں کی مانند شہاب ثاقب کو فضا میں پھیلتے ہوئے دیکھا، سوشل میڈیا پر بھی ویڈیو وائرل ہوگئی۔ شہاب ثاقب کے گزرنے کی ویڈیو شہریوں نے موبائل فون میں قید کیں، آسمان پر شہاب ثاقب کو گزرتے ہوئے رات 2 بج کر 43 منٹ پر دیکھا گیا۔ ماہرین فلکیات کے مطابق شہاب ثاقب وہ چمک دار اجرام فلکی ہیں جو سورج کے گرد گھومتے ہوئے زمین کی گریوٹی کی وجہ سے فضا میں داخل ہوجاتے ہیں اور زمین کی طرف گرتے ہیں۔ جب یہ شہاب ثاقب زمین کی فضا میں داخل ہوتے ہیں، تو ان سے روشنی پیدا ہوتی ہے جو انہیں دلکش اور جاذب نظر بناتی ہے۔ یہ اجرام فلکی زمین کے کرہ ہوا میں داخل ہو کر بلندی سے پستی کی جانب چمک پیدا کرتے ہیں اور ان کو "شہابیے" یا "ستاروں کا گرنا " بھی کہا جاتا ہے۔ ماہرین کے مطابق یہ پتھر سورج کے گرد گھومتے ہیں اور ان کا زمین کی فضا میں داخل ہونا ایک قدرتی فلکیاتی عمل ہے جس کی وجہ سے ان سے روشنی کی جھرمٹ پیدا ہوتی ہے اور یہ زمین پر گرنے سے پہلے ایک شاندار منظر پیش کرتے ہیں۔ ان اجرام فلکی کو "سنگ شہاب " بھی کہا جاتا ہے۔ کراچی کی فضاں میں ان شہابیوں کی چمک نے آسمان کو ایک منفرد منظر بخشا، جس پر شہریوں نے خوشگوار حیرت کا اظہار کیا۔ واضح رہے کہ شہاب ثاقب دراصل عربی زبان کا لفظ ہے، شہاب کا معنی ہے دہکتا ہوا شعلہ اور ثاقب کا معنی سوراخ کرنے والا ہے۔ ماہرین کے مطابق لاکھوں شہاب ثاقب زمین کے گرد چکر لگاتے ہیں جنھیں عرف عام میں شوٹنگ اسٹارز کہا جاتا ہے۔ ناسا کے مطابق روزانہ 100 سے 300 ٹن خلائی مٹی اور چٹانیں زمین پر گرتی ہیں لیکن ان کا سائز عام طور پر ریت کے ایک دانے سے زیادہ نہیں ہوتا۔ دوسری طرف، شہاب ثاقب زمین کے لیے ایک اہم خطرہ بن سکتا ہے، جب بڑے سیارچے سیارے سے ٹکراتے ہیں، تو وہ تباہ کن اثرات پیدا کرسکتے ہیں۔

بقیہ 61

ملک ریاض کے دبئی پروجیکٹ میں رقوم منتقل کررہے ہیں، ملک ریاض کو بیرون ملک سے واپس لانے کے لیے بھرپور کارروائی کا آغاز کردیا گیا۔ نیب کے اعلامیہ کے مطابق اتھارٹی نے بطور قومی احتساب ادارہ اپنے مینڈیٹ میں اپنی ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے ایک بار پھر عوام کو آگاہ کیا ہے کہ بحریہ ٹاؤن کے مالک ملک ریاض احمد اور دیگر کے خلاف دھوکا دہی کے متعدد مقدمات اس وقت زیر تفتیش ہیں۔ مزید برآں نیب نے ان ملزمان کے خلاف اسلام آباد اور کراچی کی احتساب عدالتوں میں متعدد ریفرنسز دائر کیے ہیں اور ان عدالتوں نے تمام ملزمان کو طلب کیا ہے۔ ان مقدمات میں ملک ریاض احمد اور ان کے ساتھیوں کے خلاف کراچی، تخت پڑی راولپنڈی اور نیو مری میں بحریہ ٹاؤن کے نام پر نہ صرف سرکاری بلکہ نجی زمینوں پر غیر قانونی قبضہ کرنے، بغیر اجازت ہاؤسنگ سوسائٹیاں قائم کرنے اور عوام سے اربوں روپے کا فراڈ کرنے کے الزامات اور ناقابل تردید ثبوت موجود ہیں اس حوالے سے حالیہ کارروائیوں میں بحریہ ٹاؤن کی کراچی، لاہور، تخت پڑی، نیو مری/ گالف سٹی اور اسلام آباد میں متعدد کمرشل اور رہائشی املاک کو سیل کردیا گیا، جن میں کثیر المنزلہ کمرشل عمارتیں بھی شامل ہیں، مزید برآں بحریہ ٹاؤن کے سیکڑوں بینک اکاؤنٹس منجمد اور گاڑیاں ضبط کرلی گئی ہیں اور اس حوالے سے مزید کارروائیاں تیزی سے کی جارہی ہیں۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ نیب، بحریہ ٹاؤن پاکستان کے خلاف بغیر کسی تاخیر یا دباؤ کے اپنی قانونی کارروائیاں جاری رکھے گا تاکہ پاکستان کے شہریوں کے حقوق کا مکمل تحفظ کیا جا سکے۔ این سی اے کیس میں عدالتی مفرور کی حیثیت سے دبئی میں مقیم ملک ریاض احمد نے حال ہی میں وہاں لگژری اپارٹمنٹس کی تعمیر کا نیا منصوبہ شروع کیا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق نیب کے پاس بادی النظر میں اس بات کے شواہد موجود ہیں کہ پاکستان سے تعلق رکھنے والے کچھ افراد اس منصوبے میں سرمایہ کاری کے لیے اپنی رقم دبئی منتقل کرکے اس عمل میں ملک ریاض احمد کی مجرمانہ مدد کررہے ہیں چونکہ نیب کے پاس ملک ریاض احمد اور ان کے ساتھیوں کے خلاف منی لانڈرنگ کے ٹھوس شواہد بھی موجود ہیں، اس لیے یہ فنڈز غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک بھیجے جارہے ہیں، اس منصوبے کے لیے پاکستان سے منتقل ہونے والے کسی بھی فنڈ کو منی لانڈرنگ تصور کیا جائے گا، اور ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی کی جائے گی۔ نیب اعلامیہ میں عوام کو آگاہ کیا گیا ہے کہ وہ بحریہ ٹاؤن کی جانب سے کسی بھی پرکشش لالچ سے گریز کریں اور اپنی محنت سے کمائی گئی بچت کی حفاظت کریں۔ نیب نے دیگر سرکاری اداروں کے ساتھ مل کر مفرور ملزمان کو پاکستان واپس لانے کے لیے بھرپور کوششیں شروع کررکھی ہیں، تاکہ ایسے افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جاسکے۔

بقیہ 62

کے اجلاس میں کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی، صرف دعوت نامے کا حامل یا پارٹی کا نامزد رکن ہی پارلیمنٹ کے اجلاس میں شرکت کرسکے گا۔ ذرائع کے مطابق قومی سلامتی سے متعلق غیر معمولی اجلاس کی وجہ سے پارلیمنٹ کا صرف متعلقہ اسٹاف ہی موجود ہوگا۔ ذرائع کے مطابق تمام جماعتیں اجلاس میں شرکت کے خواہشمند اراکین کے نام سپیکر آفس کو فراہم کریں گی۔ ذرائع کے مطابق اس روز سینیٹ اور قومی اسمبلی سیکریٹریٹ میں عام تعطیل ہوگی جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ قبل ازیں پی ٹی آئی نے پارلیمانی قومی سلامتی کمیٹی اجلاس میں شرکت کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن لابی میں پی ٹی آئی قیادت نے مشاورت کی۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر سمیت متعدد رہنماؤں نے قومی سلامتی کمیٹی اجلاس میں شرکت کے حق میں دلائل دیئے، جنید اکبر کی جانب سے بانی پی ٹی آئی سے مشاورت کا کہا گیا۔ حکومت کی جانب سے اجلاس میں شرکت کیلئے پی ٹی آئی سے نام مانگے گئے ہیں، سپیکر قومی اسمبلی اور چیف وہپ طارق فضل چوہدری نے پاکستان تحریک انصاف سے رابطہ کیا تھا اور عامر ڈوگر سے کمیٹی اجلاس میں شرکت کیلئے نام مانگے گئے تھے۔ عامر ڈوگر کا کہنا تھا کہ مجھ سے سپیکر اور چیف وہپ نے قومی سلامتی کمیٹی اجلاس میں شرکت کیلئے نام مانگے ہیں۔ دریں اثناء بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی اعلامیہ کے مطابق پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل کو قومی اسمبلی میں ہونے والے قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں مدعو کیا گیا جس پر انہوں نے انکار کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ میں پارلیمان کا حصہ نہیں ہوں مستعفی ہوچکا ہوں عدلیہ اور پارلیمان کے فیصلے وہ کرتے ہیں اور کلاک سیاستدانوں پر تھوپتے ہیں پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں جانے والے اپنے منہ میں کلاک مل لیں گے۔



بلاول بھٹو سے پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرنیوالے رانا احسان کی ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

ملزمان شہری سے 40 لاکھ، فون دیگر سامان چھین کر فرار

شہری شعیب ڈار کی مدعیت میں مدینہ کالونی تھانے میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملزمان شہری سے 40 لاکھ روپے، فون اور دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے، اسلحہ کے زور پر دودھ کے بیوپاری کو لوٹا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بلدیہ ٹاؤن سعید آباد میں (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

مصطفیٰ عامر کا مقدمہ ختم؛ اے این ایف نے رپورٹ عدالت میں جمع کرادی

عدالت نے مقدمے میں 2 ملزمان کے ایک بار پھر ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کی جانب سے عدالت میں رپورٹ جمع کرانے کے بعد مصطفیٰ عامر (مرحوم) کا مقدمہ ختم کر دیا گیا۔ منشیات کیس میں (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

کراچی کیلئے پیکیج کی سفارش کریں، میئر نے گورنر سندھ کو خط لکھ دیا

ہم ہمیشہ سے یہ کہتے آئے ہیں کہ وفاقی حکومت کراچی کی تعمیر و ترقی میں دلچسپی نہیں لے رہی اور یہ شہر ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اپنے جائز حصے سے بھی محروم رہتا ہے

میں شکر گزار ہوں کہ آپ نے کراچی کیلئے وفاقی حکومت سے سو ارب روپے کے حصول کی پیشکش کی ہے، مرتضیٰ وہاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ گورنر سندھ کو کراچی ڈویلپمنٹ پیکیج کے لئے پیر کے روز ایک خط تحریر کیا ہے جس میں میئر کراچی نے گورنر سندھ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں شکر گزار ہوں کہ آپ کراچی کی ترقی میں گہری دلچسپی لے رہے ہیں، ہم ہمیشہ سے یہ کہتے آئے ہیں کہ وفاقی حکومت کراچی کی تعمیر و ترقی میں دلچسپی نہیں لے رہی اور یہ شہر ترقیاتی منصوبوں (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

وافی انرجی پاکستان کا نٹ شیل کمیونی کیشن سے اشتراک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کے تیل اور توانائی شعبے کو ترقی دینے کے لیے وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ (سابقہ شیل پاکستان لمیٹڈ) نے پاکستان کی ممتاز اسٹریٹیجک ایڈووکیسی اور کمیونی کیشن فرم نٹ شیل کمیونی کیشنز سے شراکت داری کر لی ہے۔ معاہدے پر وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ کے کنٹری چیئر وقار صدیقی اور نٹ شیل گروپ کے بانی و چیئرمین محمد اظفر احسن نے دستخط کیے۔

گورنر سندھ کو رشین فیڈریشن کے جہاز کی استقبالیہ تقریب میں رشین کیپٹن سیلوٹ مارتے ہوئے خیر مقدم کر رہا ہے

18ویں ترمیم کے بعد 190 ملین پونڈ پر صوبوں کا حق ہے، محفوظ النبی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) 18ویں آئینی ترمیم کے بعد برطانیہ سے موصول 190 ملین پونڈ اسٹرلنگ کے استعمال پر صوبوں کا حق ہے وزیر اعظم دانش یونیورسٹی کے معاملے پر نظر ثانی کریں ان تاثرات کا اظہار معروف سماجی و سیاسی رہنما محفوظ النبی خان نے ایک بیان میں کیا انہوں نے اپنی اس تجویز کو دہرایا کہ مذکورہ رقم صوبائی دارالحکومتوں کی پریمیئر جامعات کی استعداد کار کو بہتر بنانے پر صرف کی جائے تا کہ پوری قوم یکساں طور پر اس کے ثمرات سے مستفید ہو سکے



بلاول بھٹو سے پیپلز پارٹی سندھ کے جنرل سیکریٹری وقار مہدی کی ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

ڈاکوؤں کو فائر کر کے بھگانے والے شہری نے قانونی کارروائی سے انکار کر دیا

پولیس کی جانب سے متاثرہ شہری سے رابطہ کیا گیا تاہم وہ کوئی قانونی کارروائی نہیں چاہتا، پولیس حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نارتھ کراچی سیکٹر 5C3 میں ایک بزرگ شہری کا ڈاکوؤں سے مقابلہ ہوا تھا، جس میں انھوں نے فائرنگ کر کے ڈاکوؤں کو بھگا دیا تھا، اس واقعے کی ویڈیو بھی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

گراں فروشوں کیخلاف کراچی انتظامیہ کی مہم جاری کمشنر کراچی کی زیر صدارت اجلاس

ڈپٹی کمشنرز سپر اسٹورز پر وافر مقدار میں سرکاری نرخ پر اشیا کی دستیابی اور معیار کو یقینی بنائیں، سید حسن نقوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گراں فروشوں کے خلاف کراچی انتظامیہ کی مہم جاری ہے۔ کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیر صدارت پیر کو ان کے دفتر میں ماہ رمضان میں انتظامیہ کی مہم کی (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

سندھ حکومت کا ہزاروں طلبہ کو اسکالرشپ دینے کا اعلان

اقلیتی برادری کے مستقل طلبہ، جنھوں نے گزشتہ سال امتحان پاس اور 50 فی صد مارکس حاصل کیے ہیں، وہ درخواستیں جمع کروائیں

طلبہ کے والدین کی ماہانہ آمدنی کم از کم 35 ہزار روپے ہونی چاہیے، کامیاب ہونے فی طالبعلم کو 25 ہزار روپے اسکالرشپ دی جائیگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے ہزاروں طلبہ کو اسکالرشپ دینے کا اعلان کیا ہے۔ محکمہ اقلیتی امور سندھ کے مطابق حکومت سندھ نے اقلیتی برادری کے ہزاروں طلبہ کو اسکالرشپ دینے کا اعلان کیا ہے۔ اقلیتی برادری کے مستقل طلبہ، جنہوں نے گزشتہ سال امتحان پاس اور 50 فی صد مارکس حاصل کیے ہیں، وہ درخواستیں جمع کروائیں۔ اس حوالے سے مزید بتایا گیا ہے کہ درخواست دینے والے طلبہ کے والدین کی ماہانہ آمدنی کم از کم 35 ہزار (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

ایک ہی دن میں 4 موٹر سائیکلوں کی بیٹریاں چوری

عزیز آباد بلاک 2 میں بیٹری چور کی متعدد وارداتوں کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آگئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عزیز آباد بلاک 2 میں ایک ہی دن میں 4 موٹر سائیکلوں کی بیٹریاں چوری ہوگئیں، بیٹری چور کی متعدد وارداتوں کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آگئی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے عزیز آباد بلاک 2 میں موٹر سائیکل سے بیٹری چوری کی وارداتیں عروج پر ہیں، ایک ہی دن میں 4 موٹر سائیکلوں کی بیٹریاں چوری کی گئیں۔ بیٹری چور کی متعدد وارداتوں کی سی سی ٹی وی (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

مصطفیٰ عامر کی لاش ٹھکانے لگانے کا آئیڈیا کس کا تھا؛ والدہ کے حیران کن انکشافات

تفتیش سے مطمئن ہوں، ارمغان کو ہینڈل کرنا آسان نہیں، اس کے والد کو بھی شامل تفتیش کیا جائے، وجیہہ عامر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مصطفیٰ عامر قتل کیس میں مقتول کی والدہ نے اہم انکشافات کیے ہیں، انہوں نے گفتگو میں بتایا کہ ان کے بیٹے کی لاش ٹھکانے لگانے کا آئیڈیا کس کا تھا۔ مصطفیٰ عامر قتل کیس کی تحقیقات کے حوالے سے مقتول کی والدہ وجیہہ عامر نے گفتگو میں بتایا کہ تفتیش سے مطمئن ہوں، ملزم ارمغان ایک جملہ بولنے کے بعد گھنٹوں کے لیے سن ہو جاتا ہے۔ ارمغان کو ہینڈل کرنا آسان نہیں، اس (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

پوری قوم پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے، سعید احمد بیگ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاک امن ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین سعید احمد بیگ نے بلوچستان میں نوشکی اور جعفر ایکسپریس پر دہشت گردی کے حملہ اور معصوم مسافروں کو یرغمال بنانے اور انہیں شہید کرنے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا دہشت گردوں کا ریاست پر یہ حملہ سنگین غداری اور بغاوت ہے، آرمی چیف سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج دہشت گردی کو جڑ سے ختم کر کے دم لیں گے۔ دہشت گردی کو کچلنے کے لیے تمام ریاستی وسائل بروئے کار لائے جائیں اور دہشتگردی کے اس سانحہ میں ملوث تمام کرداروں اور سہولت کاروں کو کٹہرے میں لا کر عبرتناک سزا دی جائے۔ پوری قوم پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

گلشن حدید، جھاڑیوں میں درخت سے پھندا لگی لاش برآمد

لاش کو تحویل میں لے کر جناح اسپتال منتقل، متوفی کی شناخت 35 سالہ فضل ولد محمد علی کے نام سے ہوئی

متوفی بیروزگاری سے تنگ تھا جس نے دلبرداشتہ ہو کر کرسی کی مدد سے درخت پر پھندا لگا کر خودکشی کر لی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گلشن حدید میں جھاڑیوں کے درمیان درخت سے ایک شخص کی پھندا لگی لاش برآمد ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیل ٹاؤن کے علاقے گلشن حدید ڈھیرا اسماعیل خان ہوٹل کے قریب جھاڑیوں میں درخت سے لٹکی ہوئی پھندا لگی لاش ملی۔ لاش کی اطلاع پر پولیس اور ریسکیو عملہ موقع پر پہنچے اور لاش کو تحویل میں لے کر جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ متوفی کی شناخت 35 (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے پیپلز پارٹی کے رکن سندھ اسمبلی امتیاز شیخ ملاقات کر رہے ہیں

پاک روس مشترکہ مشقیں اور باہمی تعاون خطہ میں امن کیلئے نہایت اہم ہیں، گورنر سندھ

روسی نیول جہازوں کی کراچی آمد سے بحری تعاون مزید مستحکم ہوگا، استقبالیہ تقریب سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ پاک روس دفاع، تجارت، تعلیم، اور توانائی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے اس ضمن میں پاک روس مشترکہ مشقیں اور باہمی تعاون خطہ میں امن کے لئے نہایت اہم ہیں۔ ان خیالات کا (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

کراچی میں ایک ہفتے کے دوران پولیس مقابلوں میں 5 ڈاکو ہلاک، 41 گرفتار

کراچی پولیس نے گزشتہ ہفتے کے دوران 1116 سے زائد ملزمان کو گرفتار کیا، ترجمان

منشیات فروشی میں ملوث ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت کی منشیات برآمد ہوئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایک ہفتے کے دوران شہر میں انسداد جرائم کے دوران ڈاکوؤں سے پولیس کے 26 مقابلے ہوئے، فائرنگ کے تبادلے میں 5 ہلاک اور 27 زخمی ڈاکوؤں سمیت 41 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق پولیس کی انسداد جرائم کے خلاف کامیاب (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

ڈی جی رینجرز سندھ کی زیر صدارت سیکیورٹی کانفرنس کا انعقاد

یوم علیؓ، رمضان کا آخری عشرہ، چاند رات اور عید الفطر کی مناسبت سے خصوصی سیکیورٹی لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ کے عمل کو مزید سخت بنانے کی ہدایات جاری کی گئیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ہیڈ کوارٹرز پاکستان رینجرز (سندھ) میں ڈی جی رینجرز (سندھ) میجر جنرل محمد شمریز کی زیر صدارت سیکیورٹی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں کراچی شہر کے امن و امان کی مجموعی صورت حال کا جائزہ لیا گیا۔ کانفرنس میں، آئی جی، کمشنر کراچی، ایڈیشنل آئی جی کراچی، اسپیشل برانچ، آپریشن برانچ، جوائنٹ ڈی جی آئی بی، ڈی آئی جیز اسپیشل برانچ، ایسٹ، ساؤتھ، ویسٹ، سی آئی اے اور ٹریفک، پولیس، رینجرز اور حساس (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

معیاری تعلیم کی فراہمی اولین ترجیح ہے، عثمان میر عباسی ایڈووکیٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عثمان عباسی فاؤنڈیشن کے تحت قائم دی عثمان اکیڈمی کے تین سال مکمل ہونے پر تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں بانی دی عثمان اکیڈمی عثمان میر عباسی ایڈووکیٹ، شاہینہ عثمان، پرنسپل جویریہ رضا، ایڈمنسٹریٹر اسامہ میر رضا نے کیک کاٹا۔ عثمان میر عباسی نے کہا کہ معیاری تعلیم کی فراہمی اولین ترجیح ہے، تین سال سے نیو کراچی کی عوام کے بچوں کو کم فیسوں میں معیاری تعلیم فراہم کر رہے ہیں۔ بچوں کی تعلیم کے ساتھ تربیت بھی کی جاتی ہے، ہم نصابی سرگرمیاں بھی منعقد کی جاتی ہیں۔ کسی بھی معاشرے میں تبدیلی کیلئے تعلیم ضروری ہے، تعلیم یافتہ نوجوان ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

اسٹریٹ کرمنلز نے ایزی پیسہ اور جاز کیش کی دکانوں کو نشانہ بنانا شروع کر دیا

پولیس اور سائبر کرائم جرائم پیشہ عناصر کے سامنے بے بس ہوگئی، دکاندار تسلی کے دو الفاظ "دیکھتے ہیں" "پر گزارا کرنے پر مجبور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسٹریٹ کرمنلز نے ایزی پیسہ اور جاز کیش کی دکانوں کو نشانہ بنانا شروع کر دیا۔ پولیس اور سائبر کرائم جرائم پیشہ عناصر کے سامنے بے بس ہوگئی۔ شکایت کرانے والے دکاندار تسلی کے دو الفاظ "دیکھتے ہیں" "پر گزارا کرنے پر مجبور کر دیے گئے۔ ایسا ہی ایک واقعہ فیڈرل بی ایریا بلاک 21 میں صبح گیارہ بجے پیش آیا ہے۔ گاہک بن کر موبائل چھین کر بھاگنے والے ملزم نے اگلے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

پاکستان کے عوام ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں، ڈاکٹر عشرت العباد

کسی بھی بحران میں قوم کی محبت اور احترام ریاست کے ساتھ منسلک رہے گا، سابق گورنر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سابق گورنر سندھ و نشان امتیاز و روح رواں ایم پی پی ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا ہے کہ پاکستان کی عوام ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرتی ہے۔ پوری قوم دہشت گردی میں ملوث تمام عناصر کو مسترد کرتی ہے۔ انہوں نے یہ بات کراچی پریس کلب اور حیدر چوک حیدر آباد میں بیک وقت جعفر ایکسپریس واقعے کے خلاف ہونے والے بڑے مظاہروں سے (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

وزیر بلدیات سندھ سعید غنی منی لانڈرنگ کے خاتمہ کیلئے صوبوں سے مانگی گئی تجاویز کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گورنر ہاؤس میں پندرہویں افطار کے موقع پر فوجی وردی میں ملبوس بچے گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری کے ہمراہ اسٹیج پر موجود ہیں

دہشت گردی پر قابو پائے بغیر ملک ترقی نہیں کر سکتا: پاسبان

دہشت گردی کا سیاسی حل نکالا جائے، ہر مسئلے کا حل ڈنڈا نہیں ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے جنرل سیکریٹری اقبال ہاشمی نے ملک بھر میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی پر قابو پائے بغیر پاکستان ترقی نہیں کر سکتا۔ دہشت گردی کا سیاسی حل نکالا جائے، ہر مسئلے کا حل ڈنڈا نہیں ہے۔ پاکستان کی ترقی کا روڈ میپ قائد اعظم محمد علی جناح دے چکے ہیں۔ ان کی گائیڈ لائن پر عمل کیا جائے (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام افطاری اور راشن کی تقسیم کا اہتمام

المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی مختلف شعبہ جات میں عوام کی خدمت کر رہی ہے، اویس آفاقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی اور پاکستان بیت مال کے تعاون سے عوام الناس میں پہلے روزے سے تیسویں روزے تک افطاری اور راشن کی تقسیم کا سلسلہ سالہا سال سے جاری و ساری ہے۔ المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے ٹرسٹی اویس آفاقی نے افطاری اور راشن کی تقسیم کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے مختلف شعبہ جات المصطفیٰ سوسائٹی کے ملیر میں کام کر رہے ہیں۔ رمضان شریف کہ پہلے روزے سے تیسویں روزے تک عوام میں افطاری (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

کراچی، ذاکر علی خان فاؤنڈیشن کی چیئر پرسن ارم اکبر، جامعہ کراچی کے شعبہ کمپیوٹر سائنس کے چیئرمین ڈاکٹر صادق خان سے گلدستہ وصول کر رہی ہیں

نوجوان اسلامی نظام کے قیام کیلئے کمربستہ ہوں، ڈاکٹر نور الحق

جے آئی یوتھ سائٹ غربی کی شب بیداری سے راشد خان، ہاشم ابدالی، شوکت مجاہد و دیگر کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی ضلع سائٹ غربی کے امیر ڈاکٹر نور الحق نے کہا ہے کہ ملک میں موجود بحرانوں کی وجہ قیام پاکستان کے مقاصد سے انحراف اور طبقاتی و استحصالی نظام ہے، اس نظام کو بدلنا ضروری ہو گیا ہے، جماعت اسلامی کی جدوجہد کا مقصد وطن عزیز کو اس کے اصل مقصد کی جانب لانا ہے، نوجوان مملکت خداداد میں اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے کمربستہ ہوں۔ ان خیالات کا (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

سندھ کے محکمے کرپشن کا ریکارڈ قائم کر چکے ہیں، ایم کیو ایم

لیاری گینگ وار اور کچے کے ڈاکوؤں کے سرپرست یہی جیالے ہیں، کوئی اور نہیں ہے، پیپلز پارٹی اور سندھ کی ترقی دو مخالف سمت کی باتیں ہیں، علی خورشیدی

شہر میں امن قانون نافذ کرنے والے اداروں کی وجہ سے قائم ہے، شہر میں امن کی وجہ ایم کیو ایم کے 23 اگست 2016 کا اعلان ہے، شرجیل میمن کے بیان پر ردعمل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ اسمبلی میں ایم کیو ایم پاکستان کے اپوزیشن لیڈر علی خورشیدی نے کہا ہے کہ لیاری گینگ وار اور کچے کے ڈاکوؤں کے سرپرست یہی جیالے ہیں، کوئی اور نہیں ہے۔ پی پی رہنما شرجیل میمن کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے ایم کیو ایم رہنما علی خورشیدی نے کہا کہ گزشتہ بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی نے اندھیر نگری چوپٹ راج مچائے رکھی۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کو (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

بزنس کمیونٹی ملک میں ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرتی ہے، ملک خدا بخش

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیڈریشن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کی انرجی اسٹینڈنگ کمیٹی کے کنوینر اور انٹرنیشنل ڈائریکٹر لائنز کلب انٹرنیشنل ملک خدا بخش نے پاکستان مخالف دہشت گردوں کی جانب سے ملک میں دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بزنس کمیونٹی ملک میں ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرتی ہے اور دہشت گردی کے واقعات میں شہید ہونے والے جوانوں اور عام شہریوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ پاک افواج کے جوان ملک کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں

مصطفیٰ عامر قتل کیس کے ملزم ارمغان کے والد کی پبلک پراسیکیوٹر کو دھمکی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مصطفیٰ عامر قتل کیس کے ملزم ارمغان کے والد نے پبلک پراسیکیوٹر کو دھمکی دے دی، ذوالفقار علی آرائیں کا کہنا ہے کہ کامران قریشی نے گزشتہ سماعت پر کمرہ عدالت میں دھمکی دی۔ مصطفیٰ عامر قتل کیس، ملزم ارمغان کے والد کامران قریشی کی کیس کے اسپیشل پبلک پراسیکیوٹر ذوالفقار علی آرائیں کو مبینہ دھمکی پراسیکوٹر نے متعلقہ (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

لیاری ہنگورا آباد اور مچھر کالونی میں پانی کی قلت کے باعث علاقہ مکین باہر سے پانی بھر رہے ہیں

ہمیں سیاست نہیں اب ریاست کو بچانے کیلئے نکلنا ہوگا، مولانا عبدالرحمن سلفی

اب ہمیں سیاسی، سماجی اور مذہبی میدانوں میں تن تنہا بھی لڑنا پڑے تو ہم لڑیں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عزم و ہمت سے مالا مال پاکستانی قوم اور پاکستان کا بچہ بچہ ملکی سالمیت و استحکام پر مر مٹنے کیلئے میدان عمل میں آگیا ہے ہمیں چاہیئے کہ ہم نہ کسی ٹرین پر حملے کے اور نہ ہی مملکت خداداد پاکستان پر کسی بھی قسم کے حملے کو برداشت نہیں کر سکتے اب ہمیں سیاسی، سماجی اور (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

دہشتگردی کے بڑھتے واقعات حکومتی ناکامی ہیں، اسلم فاروقی

حکمرانوں کو عوام کی جان و مال کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکامی پر مستعفی ہو جانا چاہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بانیان پاکستان کی اولادوں کی تنظیم محبِ قومی سماجی کونسل (ایم کیو ایس سی) پاکستان کے چیئرمین و محبِ وطن سماجی رہنما محمد اسلم خان فاروقی نے کہا ہے کہ ملک میں دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات حکومتی ناکامی ہیں حکمرانوں کو عوام کی جان و مال کو تحفظ فراہم کرنے (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

عالمی ادارہ صحت کی جانب سے تعریفی سرٹیفکیٹ ملنا اعزاز ہے، شیرون ٹریسا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سوسائٹی فار ہیومن رائٹس اینڈ انوائرمنٹ پروٹیکشن کی پروجیکٹ ڈائریکٹر شیرون ٹریسا نے کہا ہے کہ عالمی ادارہ صحت (WHO) اور عالمی فورم برائے سماعت (WHF) کی جانب سے تعریفی سرٹیفکیٹ ملنا اعزاز کی بات ہے، شپ این جی او نے وسائل کی کمی کے باوجود مختصر وقت میں صرف مضبوط ٹیم ورک کے ذریعے سے یہ کامیابی حاصل کی ہے کہ دنیا بھر سے 400 درخواست گذاروں میں شپ این جی او عالمی ادارہ صحت کے تعریفی سرٹیفکیٹ کے حصول میں کامیاب رہی۔

پاکستان اسٹاک ایکسچینج: کاروبار کا اختتام، 663 پوائنٹس کا اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کے پہلے دن پیر کو کاروبار کا مثبت رجحان رہا۔ بازار حصص کا 100 انڈیکس 663 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 16 ہزار 199 پر بند ہوا ہے۔ کاروباری ہفتے کے پہلے دن 100 انڈیکس 743 پوائنٹس کے بینڈ میں رہا۔ بازار میں 50.75 کروڑ شیئرز کے سودے 34.10 (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

دہشتگردی کے واقعات نے ملک کی سلامتی اور استحکام کو خطرے میں ڈال دیا ہے، رضوان نیازی

ملک میں قیام امن کے لئے حکومت اصل عوام کے منتخب نمائندوں کے حوالے کی جائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی ٹی آئی سندھ کے ایڈیشنل جنرل سیکریٹری و پارٹی مینجمنٹ سیل سندھ کے سربراہ رضوان نیازی نے ملک میں بڑھتے ہوئے دہشتگردی کے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے حالیہ واقعات نے ملک کی سلامتی اور استحکام کو خطرے میں ڈال دیا ہے، جس کے تدارک کے لیے فوری اور موثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا ملک میں (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

جماعت اسلامی سندھ کے تحت آج یوم بدر منایا جائے گا

اسداللہ بھٹو ٹھٹھہ، کاشف سعید شیخ لاڑکانہ، محمد یوسف ٹنڈو محمد خان میں منعقدہ اجتماعات سے خطاب کریں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی سندھ کے تحت اسلام و کفر کے درمیان پہلا معرکہ یوم بدر کل 17 رمضان کو بھرپور جوش و جذبہ کے ساتھ منایا جائے گا، صوبائی ترجمان مجاہد چنا کے مطابق اس حوالے سے کراچی تا کشمور سندھ بھر میں اجتماعات منعقد کئے جائیں گے، جن سے جماعت اسلامی کے مرکزی، صوبائی اور مقامی رہنماؤں کے علاوہ علمائے کرام و دانشور حق و باطل کے پہلے معرکہ پر اظہار خیال کریں گے۔ یاد رہے کہ اسلام اور کفر کے درمیان پہلا معرکہ بدر کے مقام پر 2ھ 17 رمضان (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

KARACHI PRESS CLUB

جے یو آئی ضلع کیماڑی کے امیر قاضی فخر الحسن پریس کلب میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

دہشتگردی کی لہر پاکستان کی سلامتی اور ترقی کیلئے شدید نقصان دہ ہے، منصور شیخ

دہشتگردوں کے خلاف جاری آپریشن میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کراچی ڈویژن کے سینئر نائب صدر اور صدر ٹاؤن کے چیئرمین منصور احمد شیخ نے کہا ہے کہ ملک میں جاری دہشتگردی کی لہر پاکستان کی سلامتی اور ترقی کے لیے شدید نقصان دہ ہے۔ دہشتگردی کے خاتمے کے لیے پوری قوم ایک پیج پر کھڑی ہے اور اس ناسور کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائیگا۔ منصور احمد شیخ (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

الخدمت سیکڑوں بے روزگاروں کو بلاسود قرضے فراہم کر چکی ہے، نوید علی بیگ

بے روزگاروں کو چھوٹے کاروبار کیلئے 75 ہزار روپے تک کے قرضے فراہم کیے جاتے ہیں: چیف ایگزیکٹو الخدمت کراچی

الخدمت اسکل ڈیولپمنٹ سینٹرز سے فارغ التحصیل 60 فیصد سے زائد طلبہ الحمدللہ ملازمت یا اپنا کاروبار کر رہے ہیں، یوسف محی الدین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیف ایگزیکٹو الخدمت کراچی نوید علی بیگ نے کہا ہے کہ الخدمت ''اسلامک مائیکرو فائنانس'' پروگرام کے ذریعے بے روزگاروں کو ان کے پیروں پر کھڑا کرنے کیلئے کوشاں ہے اور اب تک سینکڑوں بیروزگاروں کو بلاسود قرضے فراہم کر چکی ہے۔ ''اسلامک مائیکرو فائنانس پروگرام کراچی سمیت ملک بھر جاری ہے۔ یہ بات انہوں گزشتہ روز نے اپنے ایک خصوصی بیان میں کہی۔ نوید علی بیگ نے کہا کہ الخدمت بے روزگاروں کو چھوٹے کاروبار کیلئے 75 ہزار روپے تک کے قرضے دیتی ہے، یہ تمام قرضے بلاسود دیئے جاتے ہیں جبکہ کراچی میں قائم تین الخدمت اسکل ڈیولپمنٹ سینٹرز میں نوجوانوں کو موبائل ریپیئرنگ، ایڈوانس ٹیلرنگ، الیکٹریکل، سولر پی وی ٹیکنیشن اور انڈسٹریل آٹو میشن، موٹر سائیکل مکینک، اے سی ٹیکنیشن سمیت دیگر کورسز سکھائے جا رہے ہیں تا کہ نوجوان ملازمتوں کا انتظار کرنے کے بجائے ہنر سیکھ کر اپنا باعزت روزگار کما سکیں۔ اس حوالے سے کورس مکمل کرنے والے خواہشمند طلبہ جو اپنا کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں انہیں بلاسود قرض فراہم کیا جاتا ہے۔ الخدمت سے جو لوگ قرض لیتے ہیں وہ اسے آسان اقساط میں واپس بھی (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

ویمن امپاورمنٹ کمیٹی
محفلِ نعت
بسلسلہ رمضان المبارک
17 مارچ 2025
ARTS COUNCIL OF PAKISTAN KARACHI

آرٹس کونسل کراچی ویمن ایمپاورمنٹ کمیٹی کے زیر اہتمام بسلسلہ رمضان المبارک محفل نعت میں چیئرپرسن ایمپاورمنٹ کمیٹی چاند گل شاہ اظہار خیال کر رہی ہیں

305-6688878
VIP

سی این جی کی بندش کے باعث پبلک ٹرانسپورٹ کم ہونے کی وجہ سے شہری گاڑی کی چھت پر بیٹھ کر سفر کر رہے ہیں

چرچ میں افطار ڈنر: بین المذاہب ہم آہنگی کی شاندار مثال

ہمیں مل کر پاکستان کو محبت، رواداری اور امن کا گہوارہ بنانا ہے، نوید بھٹی کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نوید بھٹی سیکرٹری ریکارڈ اینڈ ایونٹ پاکستان پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن سمیت مختلف سیاسی و سماجی شخصیات اور تمام مذاہب کے افراد نے پاسٹر عتیق قیصر بھٹی کی جانب سے افطار ڈنر کے پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر نوید بھٹی سیکرٹری ریکارڈ ایونٹ (پاکستان پیپلز (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

ساری دنیا میں گرین انرجی کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے، میاں زاہد حسین

پاکستان میں گرین انرجی کی حوصلہ شکنی جاری ہے، سولر صارفین کو پریشان کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم و آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ ساری دنیا میں تیل، گیس اور کوئلے سے بجلی پیدا کرنے کی (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

جے یو آئی کا کینالز منصوبے کیخلاف سندھو بچاؤ اور سندھ بچاؤ تحریک کا آغاز

یہ تحریک سندھ کے پانی کے وسائل کے تحفظ اور نہروں کی غیر قانونی تعمیر کے اور بدامنی خلاف جے یو آئی کی جدوجہد کا حصہ ہے

اگر اس منصوبے کو نہ روکا گیا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، مولانا نورالحق، قاضی فخر الحسن اور دیگر کی پریس کانفرنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علما اسلام کے رہنماؤں مولانا نورالحق، قاضی فخر الحسن، مفتی محمد خالد اور دیگر نے پیر کو کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ چھ کینالز منصوبے کے خلاف جے یو آئی نے سندھو بچاؤ اور سندھ بچاؤ تحریک کا آغاز کر دیا ہے، اگر اس منصوبے کو نہ روکا گیا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا۔ ان رہنماؤں نے کہا کہ جے یو آئی دریائے سندھ پر کینالوں کی تعمیر سندھ بھر میں بے امنی، کراچی میں بڑھتے ہوئے اسٹریٹ کرائمز، پانی کی عدم دستیابی ابلتے گٹر، گیس کی بندش اور بجلی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے مسائل کی شدید مذمت کرتی ہے۔ جمعیت علمائے اسلام سندھ کی جانب سے دریائے سندھ پر کینالوں کی تعمیر اور سندھ بھر میں بدامنی کے خلاف سندھو بچاؤ سندھ بچاؤ کے عنوان سے تحریک چلائی جا رہی ہے۔ یہ تحریک سندھ کے پانی کے وسائل کے تحفظ اور نہروں کی غیر قانونی تعمیر کے اور بدامنی خلاف جے یو آئی کی جدوجہد کا حصہ ہے۔ دریائے سندھ پر نئے کینال کسی صورت قبول نہیں ہیں، کالا باغ ڈیم پر فتوی دیا تھا۔ کینالز کے خلاف بھی فتوی مرتب ہو رہا ہے، اگر دریا کا میٹھا پانی سمندر میں نہ گیا تو ٹھٹھہ، بدین صفحہ ہستی سے مٹ جائیں گے۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

ایم ڈی سالڈ ویسٹ طارق علی نظامانی یوم علیؓ کے انتظامات کے سلسلے میں متعلقہ افسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں